آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 35 | بروز بدھ 29 مارچ 2023ء بمطابق 07 رمضان المبارک 1444ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 75

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع	
فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

عالمی برادری اسلامو فوبیا کے خلاف عملی اقدامات کرے، صدر

یہ عمل دنیا میں اسلاموفوبیا کی بڑھتی ہوئی سطح کو ظاہر کرتا ہے، عالمی برادری اسلاموفوبیا کے خلاف عملی اقدامات کرے،ڈاکٹر عارف علوی

سپیکر اور ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی کی ڈنمارک میں ترکیہ کے سفارتخانے کے سامنے قرآن مجید کی بے حرمتی کی مذمت

سعودی عرب ،امارات کی ڈنمارک میں ترک سفارت خانے کے باہر قرآن جلانے کی مذمت

اسلام آباد+ریاض (این این آئی)صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ڈنمارک اور نیدرلینڈ میں قرآن پاک کی بے حرمتی کے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ عمل دنیا میں اسلاموفوبیا کی بڑھتی ہوئی سطح کو ظاہر کرتا ہے، عالمی برادری اسلاموفوبیا کے خلاف عملی اقدامات کرے، انہوں نے رواداری، بین المذاہب ہم آہنگی اور مکالمے کو فروغ دینے کیلئے عملی کوششوں کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کی جانب سے منگل کو جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے آزادی اظہار رائے کی آڑ میں مسلمانوں کے جذبات مجروح کرنے کی شدید مذمت کی اور کہا کہ

بقیہ نمبر1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد؛ وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس میں خطاب کر رہے ہیں

حکومت بلوچستان کا وفاقی حکومت کی عدم توجہی پر سخت احتجاج کا فیصلہ

اگر اسی رفتار سے وفاقی منصوبے چلیں گے تو یہ اگلے 20 سال میں بھی مکمل نہیں ہونگے' کمزوری سے وفاق سے کچھ نہیں ملے گا

صوبے کے آئینی حقوق کے تحفظ کے لیئے ہر آئینی و قانونی طریقہ کار اپنائیں گے'بلوچستان کونظر انداز کرنے سے نقصان ہو گا

وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کی اسکیمیں تو شامل کر لی جاتی ہیں لیکن فنڈز نہیں دئے جاتے،میر عبد القدوس بزنجو

کوئٹہ(این این آئی)وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کا وفاقی حکومت کی عدم توجہی پر شدید احتجاج کا فیصلہ کرلیا ہے صوبے کے آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر آئینی و قانونی طریقہ کار اپنائیں گے کمزوری اور مروت دکھانے سے وفاق سے کچھ نہیں ملے گا اگر اسی رفتار سے وفاقی منصوبے چلیں گے تو یہ اگلے 20 سال میں بھی مکمل نہیں ہونگے بلوچستان اس ملک کا مستقبل ہے جسے نظر انداز کرنے سے نقصان ہو گا ہر آئینی اور سیاسی فورم پر بلوچستان کے حق کے لیے پرزور آواز بلند کریں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی زیر صدارت پی ایس ڈی پی 2022-23 کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں آئندہ مالی کے ترقیاتی پروگرام کی تیاریوں کا بھی

بقیہ نمبر2 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا تین ماہ میں گرین بس سروس کے آغاز کو یقینی بنانے کی ہدایت

وزیراعلیٰ بلوچستان میر قدوس بزنجو نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو صوبائی دارالحکومت میں تین ماہ میں گرین بس سروس کے آغاز کو یقینی بنانے کی ہدایت کردی

کوئٹہ(این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر قدوس بزنجو نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو صوبائی دارالحکومت میں تین ماہ میں گرین بس سروس کے آغاز کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔وزیر اعلیٰ نے گزشتہ روز شائع ہونے والی خبر کا نوٹس لے لیا۔وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ

بقیہ نمبر3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

لسبیلہ کنڈ ملیر میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق 9 افراد زخمی

کوئٹہ(این این آئی)لسبیلہ کنڈ ملیر میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق 9 افراد زخمی ہوگئے۔تفصیلات کے

بقیہ نمبر27 صفحہ 3 پر

حب ندی میں ڈوب کر بچے سمیت 3 افراد جاں بحق

حب(این این آئی) حب ندی میں ڈوب کر بچے سمیت 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق

بقیہ نمبر28 صفحہ 3 پر

لورالائی کے علاقے میں بیٹے نے کلہاڑی سے وار کر کے ماں کو ہلاک کر دیا

کوئٹہ(این این آئی)لورالائی کے علاقے میں بیٹے نے کلہاڑی سے وار کر کے ماں جاں بحق کردیا۔

بقیہ نمبر29 صفحہ 3 پر

ژوب میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو افراد زخمی

ژوب(این این آئی)ژوب میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو افراد زخمی ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق

بقیہ نمبر30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ججز کے اختلافی نوٹ سے کوئی فرق نہیں پڑتا،فواد چوہدری

اسلام آباد(این این آئی)تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ججز کے اختلافی نوٹ

بقیہ نمبر31 صفحہ 3 پر

صدر مملکت کا پاک فوج کے شہید حوالدار اظہر اقبال اور نائیک محمد اسد کو خراج عقیدت، لواحقین کو سلام پیش

اسلام آباد (این این آئی)صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے پاک فوج کے شہدا حوالدار اظہر اقبال

بقیہ نمبر32 صفحہ 3 پر

آصف زرداری کی طبیعت ٹھیک اور گھر پر مقیم ہیں،فیملی ذرائع

اسلام آباد(این این آئی)سابق صدر آصف علی زرداری کے فیملی ذرائع نے کہا ہے کہ آصف زرداری کی طبیعت

بقیہ نمبر33 صفحہ 3 پر

وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کیخلاف بیان بازی کر کے شاہ محمود سیاست میں زندہ رہنا چاہتا ہے،فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد(این این آئی)وزیر مملکت اور ترجمان پیپلز پارٹی فیصل کریم کنڈی نے سابق وزیر شاہ محمود

بقیہ نمبر34 صفحہ 3 پر

اسلام آباد؛صدر مملکت عارف علوی سے ترکی کے سفیر محمد سعد سرور ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان امریکا میں جمہوریت پر سربراہ کانفرنس میں شرکت نہیں کریگا،ترجمان دفتر خارجہ

دوسری جمہوری سربراہ کانفرنس کی دعوت پر امریکا اور شریک میزبان ممالک کے مشکور ہیں، بیان

اسلام آباد(این این آئی)دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ دوسری جمہوری سربراہ کانفرنس کی دعوت پر امریکا اور شریک میزبان ممالک کے مشکور ہیں، پاکستان امریکا میں جمہوریت پر سربراہ کانفرنس میں شرکت نہیں کرے گا۔ترجمان دفتر خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ ہم

بقیہ نمبر10 صفحہ 3 پر

آٹھ ماہ میں 6لاکھ سے زائد افراد کو بیرون ملک بھجا گیا، وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز

نوجوان خراب معاشی حالات کی نہیں بہتر پالیسیوں کی وجہ سے بیرون ملک جارہے ہیں،ساجد طوری

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ساجد طوری نے کہا ہے کہ نوجوانوں کے بیرون ملک جانے کی وجہ خراب معاشی حالات نہیں بلکہ بہتر حکومتی پالیسیاں ہیں، آٹھ ماہ میں 6 لاکھ سے زائد افراد کو بیرون ملک بھجوا چکے ہیں ،انسانی سمگلرز کیخلاف ایکشن

بقیہ نمبر11 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر قدوس بزنجو نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو صوبائی دارالحکومت میں تین ماہ میں گرین بس سروس کے آغاز کو یقینی بنانے کی ہدایت کردی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر قدوس بزنجو نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو صوبائی دارالحکومت میں تین ماہ میں گرین بس سروس کے آغاز کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔وزیر اعلیٰ نے گزشتہ روز شائع ہونے والی خبر کا نوٹس لے لیا۔وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کے ایک اہم افسر نے بتایا" اگلے تین ماہ میں کوئٹہ کی

بقیہ نمبر15 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو پی ایس ڈی پی 23-2022 اور 2024 کے آن لائن جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کے ضلع بولان میں مون سون بارشوں کے دوران ٹوٹنے والے ہرک ریلوے پل کی مرمت کا کام مکمل نہ ہوسکا

کوئٹہ(این این آئی)بلوچستان کے ضلع بولان میں مون سون بارشوں کے دوران ٹوٹنے والے ہرک ریلوے پل کی مرمت کا کام مکمل نہ ہو سکا ریلوے حکام نے کوئٹہ سے ٹرینیں چلانے کیلئے پندرہ اپریل کی نئی تاریخ دے دی ضلع بولان کیمرک میں گزشتہ سال اگست میں مون سون بارشوں کے دوران سیلابی ریلا

بقیہ نمبر14 صفحہ 3 پر

عمران خان کو جان سے مارنے کی دھمکی نہیں دی، ایک سیاسی بات کی تھی،رانا ثناء اللہ

صوبوں میں نگران سیٹ اپ کے بغیر ہونے والے الیکشن کے نتائج کو کوئی تسلیم نہیں کریگا،ایسے الیکشن ملک میں افراتفری کا سبب بنیں گے

چاروں صوبائی اسمبلیوں اور قومی اسمبلی کے الیکشن ایک ساتھ ہوں گے، وزیر داخلہ کی میڈیا سے گفتگو

گوجرانوالہ (این این آئی)وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے اپنے بیان کی وضاحت دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے عمران خان کو جان سے مارنے کی دھمکی نہیں دی، ایک سیاسی بات کی تھی، چاروں صوبائی اسمبلیوں اور قومی اسمبلی کے الیکشن ایک ساتھ ہوں گے،صوبوں میں نگران سیٹ اپ کے بغیر ہونے والے الیکشن کے نتائج کو کوئی تسلیم نہیں کریگا،ایسے الیکشن ملک میں افراتفری کا سبب بنیں گے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ میں نے

بقیہ نمبر12 صفحہ 3 پر

الیکشن سے پہلے اس بات کا فیصلہ ہوگا 4/3 کو 3/2 میں کیوں بدلا گیا،مقاصد کیا تھے،مریم نواز

زور زبردستی سے قانون کے خلاف فیصلے کو دلیلن کے نیچے چھپا کر کوئی بھی فیصلہ قابل قبول ہوگا؟ ہرگز نہیں، نائب صدر

لاہور(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ الیکشن کا فیصلہ کرنے سے پہلے اس بات کا فیصلہ ہوگا کہ 3/4 کو 3/2 میں کیوں بدلا گیا؟اس کے پیچھے مقاصد کیا تھے اور اس میں کون کون شامل تھا؟۔انہوں نے

بقیہ نمبر13 صفحہ 3 پر

آئین کے تحت عام انتخابات وقت پر ہونا لازم ہیں، سپریم کورٹ

انتخابات ملتوی کرنے کیخلاف پی ٹی آئی کی درخواست پر 27 مارچ کی سماعت کا تحریری حکم

تمام فریقین کو نوٹسز جاری کیے جاتے ہیں، الیکشن کمیشن درخواست میں اٹھائے گئے قانونی سوالات پر جواب دے، عدالت عظمٰی کا تحریری حکم نامہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے انتخابات ملتوی کرنے کے خلاف پی ٹی آئی کی درخواست پر 27 مارچ کی سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ آئین کے تحت عام انتخابات وقت پر ہونا لازم ہیں۔ 3 صفحات پر مشتمل حکم نامہ چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے تحریر کیا ہے۔تحریری حکم نامے میں سپریم کورٹ نے کہا کہ آئین کے تحت عام انتخابات وقت پر ہونا لازم ہیں، بروقت عام انتخابات کا ایمانداری کے ساتھ منصفانہ و قانون کے مطابق انعقاد جمہوریت کے لیے ضروری ہے۔عدالت عظمٰی نے اپنے تحریری حکم نامے میں کہا کہ عام انتخابات

بقیہ نمبر4 صفحہ 3 پر

عوامی سیاست ایک بہت پیچیدہ،صبر آزما اور مسلسل عمل ہے، گورنر بلوچستان

سیاسی کارکنان نہ صرف پولیٹیکل پارٹیز کو مضبوط بنیادیں فراہم کرتے ہیں

عوام میں حقوق و فرائض کا احساس جگانے کیلئے شعوری کاوشیں کرتے رہتے ہیں، ملک عبدالولی کاکڑ

کوئٹہ(این این آئی)گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ سیاسی کارکنان نہ صرف پولیٹیکل پارٹیز کو مضبوط بنیادیں فراہم کرتے ہیں بلکہ معاشرے میں رضا کارانہ سرگرمیوں کے فروغ کیلئے راہ بھی ہموار کرتے ہیں، یہ ان کا قومی فریضہ ہے کہ خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ہو کر عوام کو درپیش مسائل ومشکلات حل کرنے اور عوام میں حقوق و فرائض کا احساس جگانے کیلئے شعوری کاوشیں کرتے رہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں حاجی غلام رسول مینگل کی قیادت میں بی این پی سریاب کے عہدیداروں پر مشتمل وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ عوامی سیاست ایک بہت پیچیدہ،صبر آزما اور مسلسل عمل ہے قومی اہداف اور مفادات کے حصول کیلئے طویل جدوجہد اور شعوری کوششیں کرنی پڑتی ہیں تنظیمی سرگرمیوں میں کارکنوں کے کردار اور اخلاق سنوارنے پر خصوصی توجہ مرکوز رکھنی چاہیے تاکہ وہ ایک مفید شہری بن سکیں بعد ازاں

بقیہ نمبر5 صفحہ 3 پر

قتل کی دھمکیوں کیخلاف قانونی چارہ جوئی کروں گا،عمران خان

میرے قتل کی سازش میں رانا ثنا کا کلیدی کردار ہے، پاکستان تحریک انصاف کا وزیرداخلہ رانا ثناء اللہ کیخلاف ملک گیر مقدمات درج کرانے کا اعلان

(ن) لیگ کے رہنما عمران خان کے خاتمے کی بات کر رہے، ایسی باتیں اسوقت ہوتی ہیں جب کسی کو قتل کرنا ہو،اعجاز چوہدری

لاہور(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کے خلاف ملک گیر مقدمات درج کرانے کا اعلان کر دیا جبکہ پارٹی چیئرمین و سابق وزیر اعظم عمران خان نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے قتل کی سازش میں رانا ثنا اللہ کا کلیدی کردار ہے، سازش کے باقی دو کرداروں کے نام پہلے ہی بتا چکا ہوں، رانا ثنا اللہ وزیر داخلہ نہیں دہشتگرد و مافیا کا رکن ہے، قتل کی دھمکیوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی کروں گا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اس امر کا اظہار انہوں نے کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز کے صدر کاظم خان سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ عمران خان نے کہا کہ میرے قتل کی تحقیقات سبوتاژ کرنے میں تینوں کا اہم کردار ہے۔سابق وزیر اعظم نے کہا کہ رانا ثنا اللہ بزدل آدمی ہے، وہ وزیر داخلہ نہیں دہشت گرد مافیا کا رکن ہے،قتل کی دھمکیوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی کروں گا۔انہوں نے الیکشن ملتوی کیس پر کہا کہ انتخابات اگر مقررہ تاریخ سے آگے گئے تو ہمیں قانون

بقیہ نمبر6 صفحہ 3 پر

آئینی اور انتخابی تنازع کا حل صرف فل کورٹ بینچ میں ہے،شیری رحمن

عدلیہ کی ذمہ داری ہے سوالات اور ابہام کو دور کرنے کے لیے فل کورٹ بینچ بنائے، وفاقی وزیر

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمن نے انتخابات کیس سے متعلق کہا ہے کہ اس آئینی اور انتخابی تنازع کا حل صرف فل کورٹ بینچ میں ہے۔اپنے بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ عدلیہ کا احترام ہے، لارجر بینچ کے ارکان، عدلیہ اور بار میں تقسیم سے ابہام پیدا ہو رہا ہے، عدلیہ کی ذمہ داری ہے سوالات اور ابہام کو دور کرنے کے لیے فل کورٹ بینچ بنائے۔شیری رحمن نے کہا کہ حکومت پہلے بھی اس معاملے پر فل بینچ کا مطالبہ کر چکی ہے، اب تک بار کونسلز اور قانونی ماہر اس بات پر بھی متفق نہیں ہوسکے کہ عدالتی فیصلہ 3 دو کا ہے یا 4 تین کا۔انہوں نے کہا کہ دو ججز نے

بقیہ نمبر17 صفحہ 3 پر

آئین کے نام پر آئین کی خلاف ورزی نہیں ہونی چاہیے،سید نوید قمر

عدالت کے حد سے تجاوز کرنے کے نتیجے میں وزیراعظم کو برطرف کرنے کیلئے ایک پچھلا دروازہ بھی ڈھونڈ لیا گیا

ہماری تاریخ سپریم کورٹ کے غیر منصفانہ فیصلوں سے بھری پڑی ہے، سوموٹو نوٹس کی طاقت کا بار بار غلط استعمال کیا گیا،قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سید نوید قمر نے کہا ہے کہ آئین کے نام پر آئین کی خلاف ورزی نہیں ہونی چاہیے،عدالت کے حد سے تجاوز کرنے کے نتیجے میں وزیراعظم کو برطرف کرنے کیلئے ایک پچھلا دروازہ بھی ڈھونڈ لیا گیا،ہماری تاریخ سپریم کورٹ کے غیر منصفانہ فیصلوں سے بھری پڑی ہے، سوموٹو نوٹس کی طاقت کا بار بار غلط استعمال کیا گیا،ایسا دوبارہ نہیں ہونا چاہیے،بروقت اس حوالے سے کوئی قدم نہ اٹھانے پر ذمہ داری قبول کرتا ہوں،ہمیں اب ایسے

بقیہ نمبر19 صفحہ 3 پر

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت خواتین کو ادائیگی کے طریقہ کار میں تبدیلی لائی جائیگی،شازیہ مری

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر شازیہ مری نے کہا ہے کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت خواتین کو ادائیگی کے طریقہ کار میں تبدیلی لائی جائیگی۔منگل کو قومی اسمبلی میں مولانا عبدالاکبر چترالی کی تقریر میں بی آئی ایس پی کے حوالہ سے اٹھائے گئے نکات کی وضاحت کرتے ہوئے شازیہ مری نے کہا کہ

بقیہ نمبر18 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاءاللہ لانگو سے رکن صوبائی اسمبلی میر ظہور بلیدی ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان کے خلاف 28، ایف آئی اے کے ریکارڈ کے مطابق ایک مقدمہ درج کیا گیا

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے خلاف مقدمات کی تفصیلات اسلام آباد ہائی کورٹ میں جمع کرا دی گئیں۔منگل کو عدالت میں جمع کرائی گئی رپورٹ میں عمران خان کے خلاف اسلام آباد کی حدود میں درج مقدمات کی تفصیلات درج ہیں۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پولیس

بقیہ نمبر16 صفحہ 3 پر

پاکستان تحریک انصاف کا وزیرداخلہ رانا ثناء اللہ کیخلاف ملک گیر مقدمات درج کرانے کا اعلان

میرے قتل کی سازش میں رانا ثنا کا کلیدی کردار ہے،قتل کی دھمکیوں کیخلاف قانونی چارہ جوئی کروں گا' عمران خان

(ن) لیگ کے رہنما عمران خان کے خاتمے کی بات کر رہے، ایسی باتیں اسوقت ہوتی ہیں جب کسی کو قتل کرنا ہو،اعجاز چوہدری

لاہور(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کے خلاف ملک گیر مقدمات درج کرانے کا اعلان کر دیا جبکہ پارٹی چیئرمین و سابق وزیر اعظم عمران خان نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے قتل کی سازش میں رانا ثنا اللہ کا کلیدی کردار ہے، سازش کے باقی دو کرداروں کے نام پہلے ہی بتا چکا ہوں، رانا ثنا اللہ وزیر داخلہ نہیں دہشتگرد و مافیا کا رکن ہے، قتل کی دھمکیوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی کروں گا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اس امر کا اظہار انہوں نے کونسل آف پاکستان

بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

بلوچستان بارشوں، ژالہ باری کی پیشگوئی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہا،الرٹ جاری

بلوچستان میں کوئٹہ، چمن،پشین اور بارکھان کے پہاڑی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ہے محکمہ موسمیات

کوئٹہ(یو این اے)بلوچستان سمیت ملک بھر میں موسلادھار بارشوں، ژالہ باری کی پیشگوئی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ،الرٹ جاری کردیا بلوچستان سمیت ملک بھر میں بارشوں کے سلسلے نے جاتی سردی کو بریک لگا دی۔محکمہ موسمیات نے ملک کے بیشتر حصوں میں آج سے آئندہ چار روز تک موسلادھار بارشوں،ژالہ باری اور پہاڑوں پر برفباری کی پیش گوئی ہے بلوچستان میں کوئٹہ، چمن، پشین اور بارکھان کے پہاڑی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ہے۔خیبر پختونخوا میں دیر،سوات،کوہستان،نوشہرہ، مردان، وزیرستان اور باجوڑ کی ندی نالوں میں طغیانی ہوسکتی ہے محکمہ موسمیات گلگت بلتستان، کشمیر،مری اور گلیات میں بھی لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ظاہر کیا ہے محکمہ موسمیات کی جانب سندھ اور پنجاب کے بیشتر شہروں

بقیہ نمبر8 صفحہ 3 پر

اعلیٰ عدلیہ کے ججز میں تقسیم کے تاثر کا ازالہ الیکشن سوموٹو پر فل کورٹ کی تشکیل کی صورت میں ہوسکتا ہے،سراج الحق

سیاسی جماعتوں نے ڈائیلاگ کا راستہ نہ اپنایا تو ملک میں رہی سہی جمہوریت بھی ختم ہو جائے گی،امیر جماعت اسلامی

لاہور(این این آئی)امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ اعلیٰ عدلیہ کے ججز میں تقسیم کے تاثر کا ازالہ الیکشن سوموٹو پر فل کورٹ کی تشکیل کی صورت میں ہوسکتا ہے،سیاسی جماعتوں نے ڈائیلاگ کا راستہ نہ اپنایا تو ملک میں رہی سہی جمہوریت بھی ختم ہو جائے گی، قومی ادارے پی ڈی ایم اور پی ٹی آئی کی دھڑے بندی کا شکار ہو گئے، اداروں کے اندر جنگ کا آغاز بدترین حالات کا آئینہ دار ہے،ملک پر ایسا ٹولہ مسلط ہے جس نے عوام کا جینا عذاب بنا دیا،رمضان کے مقدس مہینے

بقیہ نمبر20 صفحہ 3 پر

ریکوڈک بلوچستان کی ترقی کیلئے بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے، مصدق ملک

بلوچستان کی ترقی کے لیے بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہیڈاکٹر مصدق نے 70 فیصد مقامی ملازمت کے ساتھ مقامی افراد میں ہنر کے فروغ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہا

مارک برسٹو کا خطے کی ترقی، ریلوے کی اپ گریڈیشن سمیت انفراسٹرکچر کی ترقی کے حوالے سے بات چیت جاری رکھنے پر کارپوریشن کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد(این این آئی)وزیر مملکت ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ ریکوڈک بلوچستان کی ترقی کیلئے بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔وزیر مملکت برائے پیٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک نے بیرک گولڈ کارپوریشن کے صدر اور سی ای او مارک برسٹو کی قیادت میں ایک وفد سے ملاقات کی۔ پاکستان میں کینیڈین ہائی کمشنر محترمہ لیسلی سکنلون بھی ہمراہ تھیں۔انہوں نے کہا کہ ریکوڈک نہ صرف پاکستان کے کان کنی کے شعبے میں ایک اہم موڑ ہے بلکہ یہ بلوچستان کی ترقی کے لیے بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہیڈاکٹر مصدق نے 70 فیصد مقامی ملازمت کے ساتھ مقامی افراد میں ہنر کے فروغ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہا۔انہوں نے ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی کے اعلیٰ ترین معیارات کو برقرار رکھنے کے لیے بیرک گولڈ کی قیادت پر اعتماد کا اظہار

بقیہ نمبر7 صفحہ 3 پر

سعودی عرب میں خوفناک ٹریفک حادثہ، 20افراد جاں بحق،متعدد زخمی

حادثہ عسیر کے علاقے عقبہ شعار پر پیش آیا نعشوں اور زخمیوں کو علاقے کے ہسپتالوں میں منتقل کردیا گیا

ریاض(این این آئی)سعودی عرب میں عسیر کے شمال میں عقبہ شعار میں بس کو حادثہ پیش آ گیا۔ اس خوفناک حادثے میں 20 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوگئے۔ ذرائع نے بتایا کہ حادثہ عسیر کے علاقے عقبہ شعار پر پیش آیا۔حادثے کی وجہ بس کی بریکوں کے خراب ہونے کو قرار دیا گیا۔بس بریک فیل ہونے کے باعث ایک پل سے ٹکرائی اور الٹ گئی اور اسے آگ لگ گئی۔سول ڈیفنس کی ٹیمیں، ہلال احمر اور متعلقہ سکیورٹی حکام جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور امدادی

بقیہ نمبر25 صفحہ 3 پر

عالمی بینک کو تحریری یقین دہانی کیلئے پاکستان کے دوست ممالک سے رابطے

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان کی جانب سے عالمی مالیاتی بینک کو تحریری یقین دہانی کے لیے دوست ممالک سے رابطے جاری ہیں۔تفصیلات کے مطابق آئی ایم ایف سے قرض کے حصول کیلئے پاکستان نے تمام تر اقدامات کر لئے ہیں، تاہم تا حال آئی ایم ایف کی

بقیہ نمبر24 صفحہ 3 پر

وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا الیکشن سے متعلق کیس میں فل کورٹ بنانے کا مطالبہ

ادارے کی توقیر سلامت رکھنے کے لیے فل کورٹ بینچ بنایا جائے،اعظم نذیر تارڑ کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ ادارے کے اندر تقسیم اور ابہام دور کرنے کے لیے 13 رکنی بینچ ہونا چاہیے۔سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر نے کہا کہ الیکشن انعقاد کے سلسلے میں سوموٹو لیا گیا تھا،اس دن میں یہ بات ہوئی تھی کہ چار تین کی اکثریت سے مسترد ہو گیا۔اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ استدعا ہے ادارے کی توقیر سلامت رکھنے کے لیے فل کورٹ بینچ بنایا جائے، جسٹس مظاہر نقوی اور جسٹس

بقیہ نمبر23 صفحہ 3 پر

عدلیہ کے فیصلے کی دھجیاں اڑانے سے ملک خطرناک موڑ پر کھڑا ہے، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ(این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حکیم خان

بقیہ نمبر22 صفحہ 3 پر

زلمے خلیل زاد کے پاکستانی سیاسی صورتحال بارے بیانات سے کوئی تعلق نہیں، امریکا

زلمے خلیل زاد امریکی شہری ہیں، ان کے بیانات ذاتی حیثیت میں ہیں،ترجمان امریکی محکمہ خارجہ

واشنگٹن(این این آئی)امریکا نے اپنے سابق مندوب برائے عراق و افغانستان زلمے خلیل زاد کے پاکستان کی سیاسی صورتحال کے بارے میں دیئے گئے بیانات سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق امریکی مندوب نے 22 مارچ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے اپنے بیان میں کہا تھا کہ اشارے مل رہے ہیں کہ پاکستانی پارلیمنٹ سپریم کورٹ سے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیر اعظم عمران خان کو نااہل کرنے کا کہہ سکتی

بقیہ نمبر21 صفحہ 3 پر

بینکاک؛چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک (اے پی ایف ایس ڈی) کے 10ویں سالانہ اجلاس میں شریک ہیں

عوام کے مسائل حل کرنے کے وعدے پورے کر رہے ہیں، طارق مگسی

ہم کوئی بلند بانگ دعوا نہیں کرتے ہم نے جو عوام سے وعدے کئے تھے ان کو مرحلہ وار پورا کر دیئے ہیں

ضلع جھل مگسی کی ترقی کے لئے تمام وسائل کو بروئے کار لائے جا رہے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی

گنداواہ (این این آئی) رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ طارق خان مگسی نے کہا ہے کہ ضلع جھل مگسی کی ترقی کے لئے تمام وسائل کو بروئے کار لائے جا رہے ہیں عوامی خدمت کا سفر تسلسل کے ساتھ جاری ہے حلقہ انتخاب میں بلیک ٹاپ روڈوں کا جال بچھا دیا گیا ہے ہمارا ایجنڈا صرف عوام کی خدمت ہے عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی پر توجہ مرکوز کیئے ہوئے ہے ہماری پالیسیوں کا مرکز ومحور عام آدمی ہے غریب عوام کی فلاح و بہبود ترقی وخوشحالی اور ان کے بنیادی مسائل حل کرنے کے لئے تمام وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں اور عام آدمی کی حالت کو بدلیں گے عوام کی ترقی وخوشحالی کے روز

بقیہ نمبر9 صفحہ 3 پر

ہاکی ودیگر کھیلوں سے منسلک کھلاڑی اپنا نام منوا کر آئندہ نسلوں کیلئے آئیڈیل بنیں،نوابزادہ لشکری رئیسانی

کوئٹہ(این این آئی)بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے چیئرمین سینئر سیاست دان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ہاکی و دیگر کھیلوں سے منسلک کھلاڑی اپنا نام منوا کر آئندہ نسلوں کیلئے آئیڈیل بنیں، یہ بات انہوں نے منگل کو شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہاکی اسٹیڈیم میں خواتین کھلاڑیوں

بقیہ نمبر26 صفحہ 3 پر

راولپنڈی؛ رمضان پیکج کے تحت مفت آٹا تقسیم کے موقع پر عوام قطاروں میں لگی اپنی باری کے انتظار کر رہی ہے

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

29 مارچ 2023ء

بلوچستان سمیت ملک بھر میں موسلا دھار بارشوں، ژالہ باری کی پیشگوئی

بلوچستان سمیت ملک بھر میں موسلا دھار بارشوں، ژالہ باری کی پیشگوئی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ، الرٹ جاری کر دیا بلوچستان سمیت ملک بارشوں بھر میں کے سلسلے نے جاتی سردی کو بریک لگادی۔ محکمہ موسمیات نے ملک کے بیشتر حصوں میں آج سے آئندہ چارروز تک موسلا دھار بارشوں، ژالہ باری اور پہاڑوں پر برفباری کی پیش گوئی ہے بلوچستان میں کوئٹہ، چمن، پشین اور بارکھان کے پہاڑی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ہے۔ خیبر پختونخوا میں دیر، سوات، کوہستان، نوشہرہ، مردان، وزیرستان اور باجوڑ کیندی نالوں میں طغیانی ہوسکتی ہے محکمہ موسمیات نے گلگت بلتستان، کشمیر، مری اور گلیات میں بھی لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ظاہر کیا ہے محکمہ موسمیات کی جانب سندھ اور پنجاب کے بیشتر شہروں میں بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے خیبر پختونخوا میں دیر، سوات، کوہستان، نوشہرہ، مردان، وزیرستان اور باجوڑ کے ندی نالوں میں بھی طغیانی کی پیش گوئی کی گئی ہے محکمہ موسمیات نے خدشہ ظاہر کیا ہےکہ گلگت بلتستان، کشمیر، مری اور گلیات میں لینڈ سلائیڈنگ بھی ہوسکتی ہے دریں اثنا کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق منگل کو صوبہ کے بیشتر اضلاع میں موسم ابر آلود رہنے کے علاوہ کوئٹہ، ژوب، قلات، خضدار، چمن، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، سبی، نصیر آباد، دالبندین، بارکھان، تربت، کیچ، آواران، خاران، واشک، نوکنڈی، پنجگور گوادر اور پسنی میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج (بدھ) کو کیچ، گوادر، خاران، واشک، پنجگور، سوراب، چاغی، نوشکی، بولان، مستونگ، قلات، خضدار، سبی، ہرنائی، بارکھان، کوہلو میں وقفے وقفے سے گرج چمک کے ساتھ اور اگلے 48 سے 72 گھنٹوں کے دوران سوراب، بولان، مستونگ، قلات، خضدار، سبی، ہرنائی، جعفر آباد، نصیر آباد، صحبت پور، جھل مگسی، کوئٹہ، پشین، زیارت، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، ژوب، لورالائی، شیرانی، بارکھان، کوہلو میں ہلکی بارش جبکہ زیارت اور قلعہ سیف اللہ میں برف باری کا امکان ہے۔

بلوچستان میں روشنی کا سفر

بلوچستان ایک وسیع و عریض صوبہ ہے اور آبادی بھی منتشر ہے جس کی وجہ سے رفاہ عامہ کی سہولیات عوام تک پہنچنا قدرے مشکل ہے اس کے باوجود حکومت عوام کی بنیادی ضروریات کا احساس کرتے ہوئے ممکن اصلاحی اقدامات کرتی رہتی ہے۔

بجلی روزمرہ کی عام ضرورت ہے جسے عوام تک پہنچنا ضروری ہے مگر اس وقت پورے ملک میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے مشکلات کا سامنا ہے تاہم حکومت ضروری اقدامات کر رہی ہے۔ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) صوبہ بھر میں برقی نظام کی ترقی و توسیع اور بجلی فراہمی کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے البتہ زرعی صارفین کی جانب سے بلوں کی عدم ادائیگی کی وجہ سے کیسکو کے لیئے مالی مسائل پیدا ہو رہے ہیں جسکی وجہ سے زرعی صارفین کے بقایا جات میں دن بدن تیزی سے اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

اس وقت زرعی سبسڈی کی مد میں صوبائی حکومت کے ذمہ تقریباً44ارب روپے جبکہ وفاقی حکومت کے ذمہ زرعی سبسڈی کی مد میں26ارب روپے واجب الادا ہیں جبکہ زرعی صارفین کے ذمہ بلوں کی مد میں بقایا جات تقریباً383ارب روپے واجب الادا ہے۔ علاوہ ازیں بعض زرعی صارفین کی جانب سے ازخود اور غیر قانونی طور پر ٹیوب ویل کنکشن نصب کئے گئے ہیں جس کے باعث کیسکو گرڈ سسٹم نیٹ ورک پر بے تحاشا لوڈ کا دباؤ ہے جس سے نہ صرف قیمتی تنصیبات کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے بلکہ غیر قانونی بجلی استعمال کرنے کی وجہ سے ماہانہ کروڑوں روپے ریونیو کی مد میں نقصان کا سامنا رہتا ہے۔ لہٰذا کیسکو اپیل کرتی ہے کہ جنہوں نے غیر قانونی ٹیوب ویل نصب کر کے غیر قانونی طریقے سے بجلی حاصل کی ہیں وہ فوری طور پر اپنے خود ساختہ غیر قانونی کنکشنز ہٹادیں اسکے ساتھ ساتھ وہ اپنے بجلی کے واجبات جمع کرانے کے علاوہ بقایا جات بھی فوری طور پر جمع کرائیں بصورت دیگر کیسکو کی ٹیمیں کارروائی کر کے اُن کے برقی کنکشنز منقطع کر دے گی اور بجلی منقطع ہونے پر کیسکو کسی بھی صارف کے نقصان یا زحمت کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔ خبر یہ ہے کہ کیسکو کو اپنے بلوں کی ادائیگی نہیں ہو رہی ہے اور تازہ ترین اطلاعات کے مطابق کیسکو کے تمام نادہندہ صارفین کے ذمہ ماہ دسمبر 2022 تک مجموعی بقایا جات 577ارب روپے تک پہنچ گئے کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اُن تمام نادہندگان کے بجلی کنکشنز منقطع کرتی رہتی ہے جو اپنے بجلی کے واجبات ادا نہیں کرتے اور اُن نادہندگان کو وقتاً فوقتاً نوٹسز کے علاوہ بلوں پر بجلی منقطع کرنے کے بارے میں پیشگی اطلاع بھی دی جاتی ہے تاکہ صارفین کسی بھی ممکنہ زحمت سے بچنے کے لئے اپنے بلوں کی ادائیگی کو ممکن بنا سکیں لیکن تا حال عادی نادہندگان کی جانب سے کوئی مثبت پیش رفت سامنے نہ آنے کی وجہ سے کمپنی کے لئے مالی مشکلات میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ کیسکو اُن تمام سرکاری، نجی، گھریلو، کمرشل، انڈسٹریل اور زرعی صارفین کو نوٹسز کی صورت میں بل جمع کرانے کے لئے اپیل کرتی رہتی ہے جس کے بعد بل جمع نہ کرانے کی صورت میں نادہندگان کے برقی کنکشنز کیسکو بلاتفریق منقطع کرے گی۔ ماہ دسمبر 2022ء تک کیسکو کے تمام نادہندہ صارفین کے ذمہ مجموعی تمام بقایا جات 577ارب روپے تک پہنچ گئے ہیں اور انہی رقم میں سے زرعی صارفین کے ذمہ 448ارب روپے، زرعی سبسڈی کی مد میں صوبائی حکومت کے ذمہ تقریباً44ارب روپے جبکہ وفاقی حکومت کے ذمہ زرعی سبسڈی کی مد میں 26ارب روپے واجب الادا ہیں۔ صوبائی حکومت کے ذیلی محکموں کے ذمہ 30ارب روپے، وفاقی حکومت کے ذیلی محکموں کے ذمہ 02 ارب روپے جبکہ دیگر صارفین (گھریلو، کمرشل اور صنعتی) کے ذمہ تقریباً28ارب روپے کے بقایا جات واجب الادا ہیں۔ ماہ دسمبر 2022ء کے بلوں کی مد میں صوبائی محکموں کی جانب سے بجلی کے بل جمع کرنے کی شرح صرف 42 فیصد رہی جبکہ وفاقی حکومت کے ذیلی محکموں کی طرف سے ماہ دسمبر میں بلوں کی جمع کرنے کی شرح 85 فیصد، گھریلو صارفین 60 فیصد، کمرشل 90 فیصد اور انڈسٹریل صارفین کی جانب سے بل جمع کرانے کی شرح 93 فیصد رہی جبکہ زرعی صارفین کی جانب سے ماہ دسمبر میں بل جمع کرانے کی شرح صرف 6.4 فیصد رہی۔ صوبائی حکومت کے وہ تمام ذیلی محکمے جو کیسکو کے نادہندہ ہیں اُن میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ 14ارب 70 کروڑ روپے، محکمہ تعلیم کے ذمہ 6ارب53 کروڑ روپے، بلوچستان پولیس تقریباً ایک ارب روپے، گورنر ہاؤس 3 کروڑ63لاکھ روپے، وزیر اعلیٰ ہاؤس تقریباً ایک کروڑ93لاکھ روپے، صوبائی اسمبلی 41لاکھ روپے، ہائی کورٹ 89لاکھ روپے لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈیولپمنٹ کے ذمہ 35 کروڑ روپے، کمیونیکشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ29 کروڑ48 لاکھ روپے، ڈپٹی کمشنرز بلوچستان 90 کروڑ60 لاکھ روپے، کمشنرز کے دفاتر3 کروڑ97لاکھ روپے، محکمہ خزانہ تقریباً2 کروڑ37لاکھ روپے، محکمہ جیل 8 کروڑ57لاکھ روپے، ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ تقریباً35 کروڑ85لاکھ روپے، بلوچستان فوڈ ڈیپارٹمنٹ6 کروڑ97لاکھ روپے، فشریز ڈیپارٹمنٹ11 کروڑ27لاکھ روپے، محکمہ ایری گیشن کے ذمہ 13 کروڑ46لاکھ روپے، لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ11 کروڑ82لاکھ روپے، بلوچستان بلڈنگ کے ذمہ 15 کروڑ72لاکھ روپے، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ 10 کروڑ29لاکھ روپے، بلوچستان ڈیولپمنٹ اتھارٹی4 کروڑ76لاکھ روپے، محکمہ کیو ڈی اے کے ذمہ 2 کروڑ روپے، انڈسٹریز کے ذمہ 2 کروڑ83لاکھ روپے، ویٹرنری کے ذمہ 4 کروڑ78لاکھ روپے، پاپولیشن پلاننگ کے ذمہ 4 کروڑ28لاکھ روپے، محکمہ صحت 2ارب39 کروڑ روپے، محکمہ واسا کے ذمہ تقریباً 34 کروڑ 84لاکھ روپے، لوکل باڈیز کے 11ارب 82 کروڑ روپے، گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی تقریباً5 کروڑ40لاکھ روپے، ایمنل ہسبنڈری ڈیپارٹمنٹ کے ذمہ 5 کروڑ58لاکھ روپے، صوبائی لائبریری کے ذمہ ایک کروڑ23لاکھ روپے، محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کے ذمہ 5 کروڑ66لاکھ روپے، پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کے ذمہ ایک کروڑ80لاکھ روپے، لیبر اینڈ مین پاور ڈیپارٹمنٹ کے ذمہ 2 کروڑ37لاکھ روپے، محکمہ آئی ٹی کلچر کے ذمہ ایک کروڑ24لاکھ روپے، کالجز اینڈ ہائیر ایجوکیشن 2 کروڑ84لاکھ روپے، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ایک کروڑ83لاکھ روپے، جوڈیشل اکیڈیمی ایک کروڑ52لاکھ روپے کے بقایا جات واجب الادا ہیں۔

وفاقی محکموں کے مختلف ذیلی محکموں کے ذمہ بھی کیسکو کے بجلی واجبات بقایا جات ہیں اُن میں پاکستان پوسٹ آفس کے ذمہ 13 کروڑ57لاکھ روپے، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن (پی ٹی سی ایل)11 کروڑ98لاکھ روپے، الیکشن کمشنر ز ایک کروڑ66لاکھ روپے، سینٹرل ایکسائز لینڈ کسٹم 8 کروڑ35لاکھ کے ذمہ روپے، ڈی جی رجسٹریشن نادرا4 کروڑ روپے، پلانٹ پروٹیکشن تقریباً ایک کروڑ77لاکھ روپے، سوئی ناردرن گیس کمپنی کے ذمہ74لاکھ روپے، سوئی سدرن گیس کمپنی کے ذمہ69لاکھ روپے، نیشنل بینک آف پاکستان ایک کروڑ40لاکھ روپے، بلوچستان یونیورسٹی کے ذمہ35لاکھ روپے، این ٹی سی کے ذمہ ایک کروڑ روپے، گوادر پورٹ اتھارٹی کے ذمہ ایک کروڑ12لاکھ روپے، میٹرولوجیکل ڈیپارٹمنٹ کے ذمہ تقریباً ایک کروڑ18لاکھ روپے، محکمہ آرکیالوجی کے ذمہ ایک کروڑ28لاکھ روپے، نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے ذمہ تقریباً50لاکھ روپے روپے، پاک پی ڈبلیو ڈی ایک کروڑ 86لاکھ روپے اور فیڈرل شریعت کورٹ کے ذمہ 72لاکھ روپے کے بقایا جات واجب الادا ہیں۔

☆☆☆☆☆

سراج الحق کا دعویٰ، حل صرف جماعت اسلامی

میاں اشفاق انجم

عالم اسلام کو رمضان کریم مبارک! جماعت اسلامی کے جمہوری اور منظم ہونے پر تو کسی کو شک نہیں ہے یہی وجہ ہے اس کی تقریبات خوبصورت روایات کی امین قرار پاتی ہیں۔ جماعت اسلامی نے اپنے منشور کے اعلان، انتخابی مہم کے آغاز، انتخابی سلوگن اور انتخابی ترانے کی لانچنگ کے لئے فلیٹیز ہوٹل لاہور میں رنگا رنگ تقریب کا آغاز کیا جس میں میرے جیسے چھوٹے صحافی کارکن سمیت جید صحافی، دانشور حضرات اور کالم نویسوں سمیت ملک کے ممتاز علماء اکرام جماعت اسلامی لاہور کے تمام حلقوں سے صوبائی اسمبلی اور قومی اسمبلی کے امیدوار، مرکزی، صوبائی اور لاہور کی جماعت کے ذمہ داران موجود تھے۔ خوبصورت سٹیج پر جناب سراج الحق، امیر العظیم، لیاقت بلوچ، مولانا جاوید قصوری، میاں مقصود احمد، محمد اصغر، اظہر اقبال، حسن گوریجہ صاحب اور دیگر مہمان موجود تھے، سٹیج سیکرٹری کے فرائض نائب امیر جماعت اسلامی فرید احمد پراچہ کے ذمے تھے جو اپنی گونج دار آواز کا جادو جگا رہے تھے۔ منظم اور جدید تقاضوں کی حامل تقریب کا آغاز تلاوت اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا گیا، ابتدائی کلمات انتخابی مہم کے انچارج نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان جناب لیاقت بلوچ نے ادا کئے اور فرمایا۔

جماعت اسلامی نے اتحادی سیاست، مذہبی جماعتوں کے اتحاد کے پلیٹ فارم سے انتخاب میں حصہ لیا عملاً ثابت ہوا جماعتیں اخلاص سے ایک دوسرے کا ساتھ نہیں دیتی، طویل مشاورت، ملک گیر سروے اور گزشتہ انتخابات کی روشنی میں جماعت اسلامی کی مجلس عاملہ اور مجلس شوریٰ نے درجنوں اجلاسوں کے بعد فیصلہ کیا اتحاد کی سیاست کا حصہ نہیں بنیں گے۔ سید مودودیؒ کی جماعت اسلامی اپنے نشان اور منشور کے ساتھ میدان میں اُترے گی آج کی تقریب اسی سلسلے کی کڑی ہے۔

جناب فرید پراچہ صاحب نے لیاقت بلوچ کے بعد منشور کمیٹی کے سیکرٹری، سابق بیوروکریٹ جنہیں جماعت اسلامی کا بھی بیوروکریٹ کہا جاتا ہے، ڈپٹی سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان محمد اصغر کو دعوت دی انہوں نے منشور کے اہم نکات کے ساتھ جو خاکہ پیش کیا وہ ان کی ذہانت کا منہ بولتا ثبوت تھا۔ منشور کے خدوخال سے اندازہ ہوا منشور کمیٹی نے واقعی محنت سے آئندہ کا نقشہ تیار کیا ہے۔ محمد اصغر نے بتایا پانچ سالہ منصوبہ ایسا ہے جس پر عملدرآمد کر کے وطن عزیز کو اسلامی پاکستان بنانے میں معاونت ملے گی۔ جناب سراج الحق، لیاقت بلوچ، امیر العظیم نے بٹن دبا کر جماعت اسلامی کے نئے انتخابی ترانے کی لانچنگ کی اور ہال میں موجود سینکڑوں افراد نے جماعت اسلامی کا ترانہ جو درحقیقت عوامی توقعات کا عکاس تھا سنا، ترانہ کو کرداروں کے ساتھ فلمایا جاتا تو اور زیادہ اچھا ہو جاتا، اب دور جدید ہے اس کی طرف توجہ نہیں دی گئی۔ سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان امیر العظیم جو اپنی خوبصورت شخصیت کی وجہ سے واقعی عظیم ہیں، نے امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق کو دعوت دی کہ وہ جماعت اسلامی کا منشور پیش کریں۔ سراج الحق نے انتخابی سلوگن کی منظوری دی، اور منشور، ترانہ کی لانچنگ کی تقریب میں آنے والے دانشور، سینئر صحافی حضرات مجیب الرحمن شامی، سجاد میر اور دیگر کالم نویس حضرات، اینکر اور صحافیوں کا شکریہ ادا کیا اور پاکستان اور اس کی معیشت کو موجودہ حالات تک پہنچانے والے کرداروں کی اصلیت بتائی۔ سراج الحق نے موجودہ حالات کی ذمہ دار پی ڈی ایم کی جماعتوں اور تحریک انصاف کو قرار دیتے ہوئے کہا پاکستان کو مشکلات سے صرف جماعت اسلامی کی بے داغ ماضی کی حامل ایماندار قیادت نکال سکتی ہے۔ موجودہ مسائل اور بحران کا حل صرف جماعت اسلامی ہے۔ فرمایا جماعت اسلامی پاکستان کی وہ واحد جمہوری جماعت ہے جو باقاعدہ منشور پیش کرتی ہے اور اس پر عملدرآمد کا لائحہ عمل بھی دیتی ہے۔ تاریخ گواہ ہے گزشتہ حکمرانوں نے اپنا منشور پیش کرنے کی بجائے جماعت اسلامی کے منشور کے نکات چرائے اور اسے اپنے منشور کا حصہ بنایا۔ ریاست مدینہ کا فلسفہ بھی جماعت اسلامی کا پیش کردہ ہے جسے تحریک انصاف نے چرانے کی کوشش کی۔ جماعت اسلامی پاکستان نے مرکز کے ساتھ صوبوں کے حقوق، مسائل اور ان کا عملی حل پیش کیا ہے۔ پشاور میں ہم میڈیا کے بڑے اجتماع میں صوبے کو مثالی بنانے کا منصوبہ پیش کر چکے ہیں۔ جماعت اسلامی پاکستان اس وقت واحد جماعت ہے جو پاکستان کے چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور کشمیر میں اپنی پوری تنظیم کے ساتھ موجود ہے۔ پنجاب اور خیبر پختونخوا کے ہونے والے انتخابات میں 97 فیصد حلقوں میں اپنے امیدوار میدان میں اتار چکی ہے، ہم اپنے منشور، سلوگن اور انتخابی نشان ترازو کے ساتھ ایک ایک فرد تک پہنچیں گے اور پاکستان کو اسلامی جمہوری، خوشحال اور ترقی یافتہ ریاست بنانے کا عملی منصوبہ پیش کریں گے، اسلامی، جمہوری اور خوشحال پاکستان میں میڈیا آزاد ہوگا۔ احتساب کا نظام شفاف ہوگا، احتساب مخالفوں تک محدود نہیں ہوگا، احتساب ہو گا تو سب کا ہوگا۔ سراج الحق نے بتایا ماضی میں یا حال میں ہمارے ممبران اسمبلی یا سینیٹرز پارلیمنٹ میں موجود ہیں ان پر کوئی انگلی نہیں اٹھا سکتا، کام کیا ہے اور ایوارڈ لئے ہیں میں نے وزیر خزانہ کی حیثیت سے اور سینئر وزیر کی حیثیت سے کام کیا ہے، قرضوں میں جکڑے صوبے کو خود مختار بناتے ہوئے خود انحصاری کی طرف لے جا کر باوقار مقام دلایا ہے۔ عوام کو سوچنا ہوگا پاکستان کو اس نہج تک پہنچانے والوں کے چکر میں کب تک پھنسے رہیں گے ہم انشاء اللہ سیاسی جماعتوں، ماہرین معاشیات اور تمام سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے میثاق جمہوریت تیار کریں گے۔ جمہوری پاکستان میں اسلام، آئین، جمہوریت اور سول حکومت کے تحفظ کے لئے پارلیمنٹ کو بالادست بنایا جائے گا، پارلیمنٹ کے لئے ترجیح ایکڈیمی بنائیں گے، پارلیمنٹ کو بالاتر اور مضبوط بنائیں گے۔ سودی معیشت اور سودی بنکاری کا خاتمہ کیا جائے گا، جنرل سیلز ٹیکس18 فیصد سے کم کر کے 5 فیصد پر لائیں گے، ترسیلات پر بنک فیس کم کریں گے، پاکستان میں بننے والی اشیاء کی حوصلہ افزائی کریں گے، مراعات دیں گے، غیر ترقیاتی اخراجات میں 30 فیصد تک کمی لائیں گے، گورنر سٹیٹ بنک کو پارلیمنٹ کے سامنے جواب دہ بنائیں گے، ٹیکسوں کے نظام کو منصفانہ بنائیں گے، ناجائز منافع خور مافیا کا قلعہ قمع کریں گے، زرعی ٹیکس بتدریج نافذ کریں گے، قومی اداروں کو فروخت کرنے کی بجائے منافع بخش بنائیں گے، افتتام نظام از نو ترتیب دیں گے، واپڈا اور کراچی الیکٹرک کی تنظیم نو کریں گے، نئے جنگلات لگائیں گے، صوبوں کو خوشحال بنائیں گے، قدرتی وسائل پر پہلا حق صوبوں کا ہو گا۔ ملک بھر میں موجود غیر ضروری چیک پوسٹیں ختم کریں گے، حقوق دو گوادر کو تحریک اور حکومت بلوچستان کے درمیان تحریری معاہدہ کریں گے، ناراض بلوچوں کو قومی دھارے میں لائیں گے، مالیاتی کمیشن ایوارڈ میں دہشت گردی سے متاثرہ صوبہ خیبر پختونخوا کا حصہ بڑھائیں گے، صوبائی سطح پر ریگل اسٹیٹ اتھارٹی قائم کریں گے، متاثرین کو حقوق دلائیں گے، خوشحالی کراچی کے لئے جامع ترقیاتی منصوبہ دیں گے۔ حقوق دو کراچی کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے، صوبہ بہاولپور کو بحال کریں گے۔ جنوبی پنجاب کو انتظامی طور پر الگ صوبہ بنائیں گے، خوشحال اور محفوظ عورت، خواتین کو میٹرک (جاری ہے)

زکوٰۃ کیسے ادا کریں؟

بینک میں ایک صاحب بڑے غصہ میں تھے کہ ان کی اجازت کے بغیر بینک والوں نے کیونکر زکوٰۃ منہا کرلی میرے پیسے ہیں زکوٰۃ بھی میں اپنی مرضی سے دینا چاہتا ہوں بینک والے نہ جانے کس کو زکوٰۃ دیں یا نہ دیں مجھے کیا خبر۔ ایک حد تک ان کا کہنا درست ہے کہ کسی اکاؤنٹ ہولڈر کے پیسے سے کوئی دوسرا زکوٰۃ کاٹنے کا مجاز نہیں ہونا چاہیے ماہ صیام میں ایک طرف لاکھوں صاحب نصاب اپنا مال پاک کرنے کیلئے زکوٰۃ دیتے ہیں وہاں کروڑوں روپے بینکوں سے اس لئے نکال لئے جاتے ہیں زکوٰۃ نہ دینی پڑے کچھ لوگ مسلک ہی تبدیل کر لیتے ہیں وہ فارم بھر کر جمع کروادیتے ہیں کہ ہم شیعہ مسلک سے تعلق رکھتے ہیں کچھ حسب منشا اپنے غریب رشتہ داروں دوستوں یا محلے والوں، کسی فلاحی ادارے۔ ہسپتال یا NGO کی زکوٰۃ کے ذریعے مدد کرنا چاہتے ہیں لیکن بینک قوانین ان کی راہ میں رکاوٹ ہیں اس لئے وہ رقوم کال لیتے ہیں ویسے بھی عام لوگ زکوٰۃ کے بارے میں زیادہ نہیں جانتے یا جاننا نہیں چاہتے ہم الحمد اللہ مسلمان ہیں اس لئے زکوٰۃ کے متعلق انتہائی اہم معلومات آور ہر طبقے مثلاً عام لوگوں، تاجر، زمیندار اور جانور پالنے والوں کے لئے عام کرنے کی ضرورت ہے ایک سادہ سی مثال ہی کافی ہوسکتی ہے جس میں عقل والوں کے لئے زبردست نشانیاں ہیں

ہم کلو کا ایک "تربوز" خریدتے ہیں 5 کھانے سے پہلے ہم اس کا موٹا چھلکا اتارتے ہیں پانچ کلو میں سے کم از کم ایک کلو چھلکا نکل ہی جاتا ہے یعنی تقریباً بیس فیصد بیچ بیچ بتائیں اتنا چھلکا کی اتار کر کیا ہمیں افسوس ہوتا ہے؟ کیا ہم پریشان ہوتے ہیں؟ کیا ہم سوچتے ہیں کہ ہیں تربوز کو چھلکے کے ساتھ کھالیں؟ قیمت تو ہم نے اس کی پوری پوری چکائی ہوتی ہے۔۔۔ نہیں بالکل نہیں یہی حال کیلے، مالٹے کا ہے ہم خوشی خوشی سے چھلکا اتار کر کھاتے ہیں مگر چھلکا پھینکتے وقت تکلیف نہیں ہوتی ایک اور مثال پر غور کریں ہم مرغی خریدتے ہیں مگر جب کھانا تیار کرنے لگتے ہیں تو اس کے بال، کھال اور پیٹ کی آلائشیں نکال باہر پھینک دیتے ہیں۔۔ کیا اس پر دکھ یا ملال ہوتا ہے؟ یقیناً آپ کہیں گے۔۔۔ نہیں تو پھر چالیس ہزار میں سے ایک ہزار دینے پر، ایک لاکھ میں سے اڑھائی ہزار دینے پر کیوں ہمیں بہت تکلیف ہوتی ہے؟.. حالانکہ یہ صرف اڑھائی فیصد بنتا ہے یعنی سو روپے میں سے صرف اڑھائی روپے۔۔ یہ سوچنے سمجھنے کے لئے کافی نہیں کہ یہ تربوز، کیلے، خربوزہ، کھیرا، آم کے چھلکے اور گٹھلی اور مالٹے کے چھلکے سے بھی کم ہے اس کٹوتی کو اللہ تبارک تعالیٰ نے اسے "زکوٰۃ" کا نام دیا ہے یہ بھی فرمایا کہ زکوٰۃ سے مال پاک ہوجاتا ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ مال بھی پاک ایمان بھی پاک، دل اور جسم بھی پاک اور اس سے روحانی اور قلبی سکون ہی سکون، مستحقین کی مدد بھی معاشرہ میں خوشحالی بھی، اتنی معمولی رقم یعنی چالیس روپے میں سے صرف ایک روپیہ اور اس کے فائدے کتنے زیادہ، اجر کتنا زیادہ، برکت ہی برکت سکون ہی سکون ثواب کا ثواب مدد کی مدد۔ آ بھی جانتے ہوں گے کہ 1 لاکھ پر 2500 روپے زکوٰۃ واجب ہے اسی طرح 2 لاکھ پر 5000 روپے کے حساب سے جتنی رقم ہو اس پر زکوٰۃ کی شرح نکالی جاسکتی ہے۔ زکوٰۃ کے لغوی معنی پاکی اور بڑھوتری کے ہیں یہ دین اسلام کا ایک بنیادی رکن ہے زکوٰۃ سے انکار کرنے والا کافر ہے۔ (حم السجدہ آیت نمبر6-7) منکرین زکوٰۃ کے خلاف خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیقؓ نے جنگ کی تھی اس سے زکوٰۃ کی اہمیت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ ارشاد ربانی ہے 2۔ زکوٰۃ ادا نہ کرنے والے کو قیامت کے دن سخت عذاب دیا جائیگا۔ (التوبہ 34-35)، 3۔ زکوٰۃ ادا نہ کرنے والی قوم قحط سالی کا شکار ہوجاتی ہے۔ (طبرانی)، 4۔ زکوٰۃ کا منکر یعنی جو زکوٰۃ ادا نہیں کرتا اسکی نماز، روزہ، حج سب بیکار اور ہر قسم کی عبادات عبث ہیں۔، 5۔ زکوٰۃ ادا کرنے والے قیامت کے دن ہر قسم کے غم اور خوف سے محفوظ ہونگے۔ (البقرہ 277)، 6۔ زکوٰۃ کی ادائیگی گناہوں کا کفارہ اور درجات کی بلندی کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ (التوبہ 103) یہ بھی ذہنوں میں سوال گردش کرتا ہوگا کہ سونا چاندی، زمین کی پیداوار، مال تجارت، جانور، پلاٹ، کرایہ پر دیئے گئے مکان، یا دکانیں، گاڑیوں اور دکان وغیرہ کی زکوٰۃ کیسے ادا کی جاسکتی ہے۔ ہر مال دار مسلمان مرد/عورت پر زکوٰۃ واجب ہے۔ خواہ وہ بالغ ہو یا نابالغ، عاقل ہو یا غیر عاقل بشرط یہ کہ وہ صاحب نصاب ہو۔ سود، رشوت، چوری ڈکیتی، اور دیگر حرام ذرائع سے کمایا ہوا مال ان سے زکوٰۃ دینے کا بالکل فائدہ نہیں ہوگا کیونکہ صرف حلال کمائی سے دی گئی زکوٰۃ قابل قبول ہے۔ زکوٰۃ چار چیزوں پر فرض ہے۔ 1۔ سونا چاندی 2۔ زمین کی پیداوار/پراپرٹی سے حاصل ہونے والی آمدن 3۔ مال تجارت 4۔ جانور سونے کی 87 گرام یعنی ساڑھے سات تولے سونا پر زکوٰۃ واجب ہے (ابن ماجہ 1/1448) سونا محفوظ جگہ ہو کسی بینک کے لاکر میں ہی کیوں نہ ہو یا گھروالوں کے استعمال میں ہو ہر ایک صورت میں زکوٰۃ واجب ہوگی۔ (سنن ابوداؤد اول صفحہ 390) فتح الباری جز چار صفحہ 13) 612 گرام یعنی ساڑھے باون تولے چاندی پر واجب ہے اس سے کم وزن پر نہیں۔ (ابن ماجہ)۔ زکوٰۃ کی شرح بلحاظ قیمت یا بلحاظ وزن اڑھائی فیصد ہے۔ (صحیح بخاری کتاب زکوٰۃ)، مصنوعی ذرائع سے سیراب ہونے والی زمین کی پیداوار اگر پانچ وسق سے زیادہ ہے یعنی (725 کلوگرام تقریباً18 من) ہے تو زکوٰۃ یعنی عشر بیسواں حصہ دینا ہوگا ورنہ نہیں۔ جبکہ قدرتی ذرائع سے سیراب ہونے والی پیداوار پر شرح زکوٰۃ دسواں حصہ ہے دیکھئے (صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ) زرعی زمین والے افراد کو گندم، مکئی، چاول، باجرہ، آلو، سورج مکھی، کپاس، گنا اور دیگر قسم کی پیداوار سے زکوٰۃ یعنی (عشر) بیسواں حصہ ہر پیداوار سے نکالنا ہوگا (صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ) پانچ اونٹوں کی زکوٰۃ ایک بکری اور دس اونٹوں کی زکوٰۃ 2 بکریاں ہیں۔ پانچ سے کم اونٹوں پر زکوٰۃ واجب نہیں۔ (صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ)

30 گائیوں پر ایک بکری زکوٰۃ واجب ہے۔ جبکہ 40 گائیوں پر دو سال سے بڑا بچھڑا زکوٰۃ دینے کا حکم ہے۔ (ترمذی 1/509) کم از کم 40 سے ایک سو بیس بھیڑ بکریوں پر ایک بکری زکوٰۃ ہے۔ 120 سے سے لے کر 200 تک دو بکریاں زکوٰۃ دینا واجب ہے (صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ) چالیس بکریوں سے کم پر زکوٰۃ کا حکم نہیں ہے۔ کرایہ پر دیئے گئے مکان پر زکوٰۃ نہیں لیکن اگر اسکا کرایہ سال بھر جمع ہوتا رہے جو نصاب تک پہنچ جائے اور اس پر سال بھی گزر جائے تو پھر اس کرائے پر زکوٰۃ واجب ہے۔ اگر کرایہ سال پورا ہونے سے پہلے خرچ ہوجائے تو پھر زکوٰۃ لاگو نہیں ہوگی رقم پر شرح زکوٰۃ اڑھائی فیصد ہی ہوگی۔ اسی طرح زیر استعمال گاڑی پر زکوٰۃ نہیں ہے لیکن کرایہ پر چلنے والی گاڑیوں پر اس شرط کیساتھ کہ کرایہ سال بھر جمع ہوتا رہے اور نصاب تک پہنچ جائے زکوٰۃ دینا ہوگی گھریلو استعمال والی گاڑیوں، جانوروں، حفاظتی ہتھیار، مکان وغیرہ پر زکوٰۃ نہیں (صحیح بخاری) جبکہ ہر قسم کے کاروبار یا دکان جس میں سامان تجارت ہو اس پر زکوٰۃ دینا واجب ہے اس شرط کے ساتھ کہ وہ مال نصاب کو پہنچ جائے اور اس پر ایک سال گزر جائے۔ تمام مال کا حساب کر کے اسکا چالیسواں حصہ زکوٰۃ دیں اس کا مطلب یہ ہوا کہ دکان کی اس آمدنی پر زکوٰۃ نہیں جو ساتھ ساتھ خرچ ہوتی رہے صرف اس آمدنی پر زکوٰۃ دینا ہوگی جو بنک یا گھر میں پورا سال پڑی رہے اور وہ پیسے اتنے ہو کہ ان ساڑھے باون تولے چاندی خریدی جاسکے۔ اس کے علاوہ جو پلاٹ منافع حاصل کرنے کے لئے خریدا گیا ہو اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی ذاتی استعمال کے لئے خریدے گئے پلاٹ پر زکوٰۃ نہیں دی جائے گی (سنن ابی داؤد کتاب الزکوٰۃ حدیث نمبر1562) اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ زکوٰۃ کس کس کو دی جاسکتی ہے۔ ویسے تو ہر غریب زکوٰۃ کا حقدار ہے آسان الفاظ میں ذہن نشین کرلیا جائے کہ والدین اور اولاد کے علاوہ کسی بھی مستحق، کم وسائل مسلمان کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔ والدین اور اولاد پر اصل مال خرچ کرنے کا حکم ہے والدین میں دادا دادی، نانا نانی اور اولاد میں پوتے پوتیاں، نواسیاں نواسے بھی شامل ہیں۔ (ابن باز) لیکن مساکین (حاجت مند)، غریب، مقروض، غیر مسلم جو اسلام کے لئے نرم گوشہ رکھتا ہو، قیدی، مجاہدین، مسافر (سورۃ التوبہ 60)، مثال کے طور پر اگر کچھ سونا ہے، کچھ چاندی ہے، یا کچھ سونا ہے، کچھ نقد روپیہ ہے، یا کچھ چاندی ہے، کچھ مال تجارت ہے، ان کو ملا کر دیکھا جائے تو ساڑھے باون تولے چاندی کی مالیت بنتی ہے اس صورت میں بھی زکوٰۃ فرض ہے۔

ایک صاحب نصاب شخص کو درمیان سال میں ۵۳ ہزار کی آمدنی ہوئی، تو یہ ۵۳ ہزار بھی اموال زکوٰۃ میں شامل کئے جائیں گے یا نہیں؟ ایک صنعت کار کے پاس دو قسم کا مال ہوتا ہے، ایک خام مال، جو چیزوں کی تیاری میں کام آتا ہے، اور دوسرا تیار شدہ مال، ان دونوں قسم کے مال پر زکوٰۃ فرض ہے جبکہ مشینری اور دیگر وہ چیزیں جن کے ذریعہ مال تیار کیا جاتا ہے، ان پر زکوٰۃ فرض نہیں؟ مسلمانوں کو اس بات پر بھی غور کرنا ہوگا کہ حج کے لئے رکھی ہوئی رقم پر زکوٰۃ زکوٰۃ واجب ہے۔ ایک سوال یہ بھی ہے کہ کسی کو ہم زکوٰۃ دیں اور اس کو بتائیں نہیں تو اس صورت میں بھی زکوٰۃ ادا ہوجائے گی لیکن انکم ٹیکس ادا کرنے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی۔

یہ بات خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ غریب بھائی، بہن، چچا، بھتیجے، ماموں، بھانجے کو زکوٰۃ دینا جائز ہے جبکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان یعنی: آل علیؓ، آل عقیل، آل جعفر، آل عباسؓ اور آل حارث بن عبدالمطلب، ان پانچ بزرگوں کی نسل سے ہو تو اس کو زکوٰۃ نہیں دی جاسکتی شرعی طور پر مال دار بیوی کا غریب شوہر بیوی کے علاوہ دوسروں سے زکوٰۃ لے سکتا ہے آج کے دور میں جس شخص کی تنخواہ 40000 سے کم ہے یا اس کے برابر آمدن ہے اسے آنکھیں بند کر کے زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔

پنجاب میں انتخابات کا التواء، بحران کی دستک

نسیم شاہد

الیکشن کمیشن نے اُس وقت جب عوام رویت ہلال کمیٹی کی طرف سے ماہ رمضان کا چاند نظر آنے یا نہ آنے کی خبر کا انتظار کر رہے تھے، یہ اعلان کر کے دھماکہ کر دیا کہ پنجاب میں 30اپریل کو انتخابات نہیں ہوں گے اور 8اکتوبر کی تاریخ بھی دے دی کہ نئے شیڈول کے مطابق پولنگ ہوگی، اب لوگ چونکہ بہت سیانے ہوگئے ہیں اس لئے کہا جا رہا ہے کہ رمضان کے چاند کا اعلان بھی رویت ہلال کمیٹی نے اس لئے کیا کہ الیکشن کمیشن کی خبر کو دبایا جاسکے کیونکہ کمیٹی کے چیئرمین خود یہ اعلان کر چکے تھے کہ کسی زونل کمیٹی نے چاند نظر آنے کی شہادت نہیں دی اس کے باوجود چند شہروں سے شہادتیں ملنے کی بنیاد پر 23مارچ کو پہلے روزے کا اعلان کر دیا گیا۔ اب اس میں کتنی سچائی ہے، اللہ ہی جانتا ہے۔

مگر یہ حقیقت اپنی جگہ موجود ہے کہ الیکشن کمیشن کو آخر عجلت میں رات گئے اس اعلان کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ 23مارچ کا دن گزر جانے کے بعد بھی اس کا اعلان کیا جا سکتا تھا کیونکہ یہ انتخابات اگلے دن تو ہونے نہیں جا رہے تھے۔ الیکشن کمیشن نے انتخابات کو یک طرفہ طور پر ملتوی کر کے ایک نیا پنڈورا باکس کھول دیا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اُسی دن چیف جسٹس آف پاکستان عمر عطاء بندیال نے یہ کہا تھا کہ انتخابات کی شفافیت میں الیکشن کمیشن کی بدنیتی سامنے آئی تو سپریم کورٹ اس کا نوٹس لے گی۔ شفافیت تو کیا یہاں تو الیکشن کا وہ شیڈول ہی الٹا دیا گیا ہے جو سپریم کورٹ کے حکم سے دیا گیا تھا، اب یہ معاملہ یقیناً سپریم کورٹ میں جائے گا۔ بنیادی سوال ہی یہ اٹھے گا کہ الیکشن کمیشن کیا سپریم کورٹ کی منظوری کے بغیر انتخابات کو اس طرح ملتوی کر سکتا ہے اگر اس نے ریاستی اداروں سے مشاورت مکمل کر بھی لی تھی تو اس کا سارا مواد سپریم کورٹ کے سامنے رکھ کر رہنمائی طلب کرنی چاہیے تھی۔

کہ ان حالات میں الیکشن کیسے کرانے چاہئیں، اس کی بجائے الیکشن کمیشن نے خود ہی ان دلائل سے مطمئن ہو کر 30اپریل کے انتخابات ملتوی کر دیئے اور اپنی مرضی سے 8اکتوبر کی تاریخ بھی دے دی۔ یہ معاملہ اتنا سادہ تو ہے نہیں سب جانتے ہیں کہ جب وزیر اعلیٰ کی ایڈوائز پر گورنر پنجاب نے اسمبلی نہیں توڑی تو آئین میں درج طریقہ کار کے مطابق 48 گھنٹوں میں اسمبلی خود بخود تحلیل ہوگئی۔ اسمبلی کی تحلیل کے بعد یہ گورنر کی ذمہ داری تھی کہ وہ الیکشن کمیشن کے ساتھ مشاورت کر کے انتخابات کی تاریخ دیتے ہیں انہوں نے یہ عذر پیش کر کے تاریخ دینے سے انکار کر دیا کہ چونکہ اسمبلی انہوں نے تحلیل نہیں کی اس لئے وہ تاریخ بھی نہیں دیں گے۔ یہ معاملہ جب لٹک گیا تو صدر مملکت نے مداخلت کی اور اپنی طرف سے پنجاب میں انتخابات کی تاریخ دے دی۔ اسی اثناء میں سپریم کورٹ نے اس صورت حال پر ازخود نوٹس لیا۔ آئین میں اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد 90دنوں میں انتخابات کرانے کی واضح شق موجود ہے۔ سپریم کورٹ نے تمام فریقوں سے ان کا موقف سننے کے بعد یہ حکم جاری کیا کہ انتخابات 90دنوں میں ہوں گے تاہم تکنیکی طور پر چند روز کا اضافہ کیا جاسکتا ہے، اس پر صدر مملکت نے الیکشن کمیشن کو مشاورت کے لئے بلایا اور وہی الیکشن کمیشن جو پہلے صدر مملکت سے معذرت کر چکا تھا، صدر کو دو تاریخیں دینے پر مجبور ہو گیا جن میں سے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے 30اپریل کی تاریخ سے اتفاق کیا اور یوں یہ معاملہ نمٹ گیا۔ الیکشن کمیشن نے اس کے بعد انتخابات کا شیڈول بھی جاری کر دیا۔ کاغذات نامزدگی بھی وصول کئے گئے، آج کل ان کی سکروٹنگ کا عمل جاری تھا۔ اب ذرا واقعات کی ترتیب دیکھئے۔ 20مارچ کو تمام حکومتی جماعتوں کا اجلاس ہوتا ہے جس میں انتخابات کے انعقاد پر تحفظات کا اظہار کیا جاتا ہے۔

موجودہ حالات میں دو صوبوں کے انتخابات کو غیر مناسب قرار دے کر انہیں عام انتخابات کے ساتھ کرانے کی ضرورت و اہمیت واضح کی جاتی ہے۔ اس کے بعد 22مارچ کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ دو ٹوک الفاظ میں کہہ دیتے ہیں کہ قومی انتخابات سے پہلے دو صوبوں میں انتخابات سے انتشار پھیلے گا۔ اس سے جمہوریت کو فائدے کی بجائے نقصان ہوگا، اس لئے یہ انتخابات نہیں ہونے چاہئیں۔ ان کے خطاب کی گونج ابھی موجود تھی کہ الیکشن کمیشن نے پنجاب میں انتخابات ملتوی کرنے کا اعلان کر دیا، اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سب کچھ ایک منصوبے کے ساتھ کیا گیا اور اس کا سکرپٹ پہلے لکھا جا چکا تھا۔

اگرچہ حکومتی حلقوں کی طرف سے الیکشن کمیشن کے اس فیصلے کو بحران سے بچنے کی ایک کوشش قرار دیا گیا ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ اس فیصلے کے بعد بحران بڑھ گیا ہے۔ یہ بحران آئینی بھی ہے اور سیاسی بھی۔ آئینی بحران کی نوعیت یہ ہے کہ آئین میں درج 90دن کی مدت کو کیسے آگے لے جایا جا سکتا ہے۔ اگر ایک بار اس کی روایت پڑ گئی تو پھر آئندہ اسے کیسے روکا جا سکے گا۔ یہاں تو معاملہ اس لئے زیادہ گمبھیر ہے (جاری ہے)

INTERNSHIP PROGRAMME - 2023

Applications are invited from interested Fresh Graduates for internship in Balochistan Police for 14-days duration commencing from 2nd May, 2023.

Salient Feature
- Development of Intellectual Skills
- Enhancement of skills to serve and Protect people
- Understand challenges face by Police
- Experience working in a team
- Improve communication Skills

Goals
- Build Public Police Partnership
- Regain Trust of Community
- Interns to serve as Ambassadors of Police
- Feedback by internees for improvement of day to day policing
- Learn about responsibilities of Police Command

Eligibility Criteria • Local / Domicile of Balochistan 18 to 25 years of age having at least bachelor's degree or studying in bachelor's degree course or higher from an HEC recognized institution • Male / Female/ Transgender are equally encouraged to apply •The applicant should not be convicted of any crime

Application Procedure All applicants must submit duly filled application form (Form-I) and Confidentiality and Waiver form (Form-2) available on Balochistan Police official website www.balochistanpolice.gov.pk along with the following documents to be sent to the office of undersigned through courier:.• Essay of 200-500 words on "My opinion about Police" • Academic record with relevant mark sheets •Character certificate form head of educational institution last attended• Letter of recommendation form head of educational institution last attended •Two copies of CNIC and two recent passport size photographs

Stipend / Remuneration •No stipend/Remuneration/TA/DA will be paid to the internees •On successful completion of internship, a completion certificate will be awarded to the internee •Last date for sending applications to CPO Quetta Office is 14th April, 2023 • Important Note: Applications submitted by hand or after due date shall not be considered Mailing Address: AIG Training, Central Police Office, Gulistan Road, Quetta

AIG TRAINING FOR INSPECTOR GENERAL OF POLICE BALOCHISTAN, QUETTA

PRQ No.3107/28-03-2023

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

پبلشر: ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد سب ایڈیٹر: نجم بلوچ فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010 فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450 ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

آزادی اظہار رائے نفرت انگیز تقاریر اور لوگوں کو تشدد پر اکسانے کا نام نہیں، اس قبیح عمل سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ایسے واقعات اشتعال انگیز اور اسلاموفوبیا پر مبنی ہے، توہین کا عمل بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ اصولوں اور آزادی اظہار رائے کے جائز اظہار کے اصولوں کے منافی ہے۔ صدر نے کہا کہ اسلام انسانیت کو امن اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ قرآن پاک کی بے حرمتی کا یہ عمل دنیا میں اسلاموفوبیا کی بڑھتی ہوئی سطح کو ظاہر کرتا ہے، عالمی برادری اسلاموفوبیا کے خلاف عملی اقدامات اٹھائے اور شدت پسند عناصر کی حوصلہ شکنی کرے۔ دریں اثنا اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور ڈپٹی اسپیکر زاہد اکرم درانی نیدرلینڈ میں ترکیہ کے سفارتخانے کے سامنے قرآن مجید کی بے حرمتی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قرآن مجید کی بے حرمتی سے کروڑوں مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے، اسلام ایک پر امن مذہب ہے جو تمام مذاہب کے ماننے والوں کا احترام کرنے کا درس دیتا ہے، اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی نے منگل کو اپنے مذمتی بیانات میں انہوں نے کہا کہ مقدس کتاب قرآن مجید کی بے حرمتی سے مسلمانوں کے جذبات اور احساسات مجروح ہوئے ہیں۔ اسلاموفوبیا کا بڑھتا رجحان انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔

شال بقیہ 2

جائزہ اجلاس میں صوبے میں جاری وفاقی منصوبوں کی سست روی اور فنڈز کے عدم اجراء پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا اجلاس کو اے سی ایس منصوبہ بندی و ترقیات کی جانب سے رواں مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت پر بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ بجٹ کیلنڈر کے مطابق آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام کی تیاریوں کا آغاز کردیا گیا ہے جبکہ سیکرٹری خزانہ کی اجلاس کو مالی صورتحال اور ترقیاتی فنڈز کے اجراء پر بریفنگ دی۔ اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ رواں مالی سال صوبے میں وفاقی منصوبوں کا تخمینہ لاگت 103 ارب روپے ہے بر سہ ماہی میں ان منصوبوں کے لیئے 26 ارب کا اجراء ہونا تھا ان منصوبوں کے لیئے 76 ارب جاری ہونے چاہئے تھے۔ اب تک وفاقی حکومت کی جانب سے صرف 31 ارب روپے کا اجراء کیا گیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کی اسکیمیں تو شامل کر لی جاتی ہیں لیکن فنڈز نہیں دیئے جاتے، انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام سمجھتے ہیں کہ یہ فنڈز بدعنوانی کی نظر ہورہے ہیں جبکہ فنڈز ہوتے ہی نہیں ہیں۔

شال بقیہ 3

کے ایک اہم افسر نے بتایا، "اگلے تین ماہ میں کوئٹہ کی سڑکوں پر گرین بسیں چل پڑیں گی۔" انہوں نے کہا کہ یہ کوئٹہ کے شہریوں کے لیے باوقار سفری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے گا۔ سریاب روڈ کی چوڑائی اور تعمیر رواں سال مئی تک مکمل کی جائے گی۔ سریاب روڈ کی تعمیر اور دیگر منصوبے بہت کم وقت میں مکمل ہوں گے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے متعلقہ حکام کو سریاب روڈ کو رواں سال مئی تک مکمل کرنے کی ہدایت بھی کی ہے۔ افسر نے بتایا کہ "وزیراعلیٰ بلوچستان نے بسوں کو فعال بنانے کی سختی سے ہدایت کی ہے"۔ اگرچہ، انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت نے گرین بسوں کے آغاز کے حوالے سے مناسب فزیبلٹی رپورٹ تیار نہیں کی تھی۔ عہدیدار نے بتایا کہ پروجیکٹ کے آغاز کے حوالے سے کوئی مناسب معیاری آپریٹنگ طریقہ کار (SOP) نہیں تھا۔ محکمہ ٹرانسپورٹ بلوچستان نے پہلے مرحلے میں بلیلی اور سریاب تک چلانے کے لیے ابتدائی طور پر 8 بسیں خریدیں۔ محکمہ ٹرانسپورٹ بلوچستان نے کوئٹہ کے عوام کو باوقار سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے آٹھ بسیں خریدیں۔ ابتدائی طور پر محکمہ نے شہر کے لیے 100 بسیں خریدنے کی تجویز پیش کی۔ مکمل غور و خوض کے بعد، حکومت نے کوئٹہ شہر میں ٹریفک اور دیگر انتظامی مسائل کی وجہ سے صرف 8 بسیں خریدنے کا فیصلہ کیا۔ کوئٹہ کے شہری باوقار سفر سے محروم رہے اور وہ اپنی منزلوں تک پہنچنے کے لیے پرانی لوکل بسوں میں سفر کرنے پر مجبور ہیں۔ گرین بس سروس کا آغاز کوئٹہ کے عوام کے دیرینہ مطالبات میں سے ایک تھا۔

شال بقیہ 4

کے انعقاد میں خامی، کمی یا ناکامی مفاد عامہ اور ووٹنگ کا بنیادی حق متاثر کرتی ہے۔ سپریم کورٹ نے تحریری حکم نامے میں کہا کہ درخواست گزار کے مطابق الیکشن کمیشن نے صدر مملکت کی انتخابات کی تاریخ منسوخ کی۔ تحریری حکم نامے میں کہا گیا کہ درخواست گزار کے مطابق الیکشن کمیشن صدر کی تاریخ منسوخ کرنے کا اختیار نہیں رکھتا۔ سپریم کورٹ نے اپنے تحریری حکم نامے میں کہا کہ درخواست گزار کے مطابق الیکشن کمیشن نے انتخابات ملتوی کر کے آرٹیکل 254 کے پیچھے پناہ لی۔ تحریری حکم نامے میں عدالت نے کہا کہ عدالتی نظائر میں آرٹیکل 254 کسی عمل کا مقررہ وقت گزرنے کے بعد اس کو غیر موثر ہونے سے تحفظ دیتا ہے۔ عدالت عظمیٰ نے اپنے تحریری حکم نامے میں کہا کہ آرٹیکل 254 مقررہ وقت پر ہونے والے عمل میں التواء % کا تحفظ نہیں دیتا۔ سپریم کورٹ نے تحریری حکم نامے میں کہا کہ درخواست گزار کے مطابق 8 اکتوبر تک انتخابات ملتوی کرنے کی کوئی آئینی پشت پناہی نہیں۔ تحریری حکم نامے میں عدالت نے کہا کہ تمام فریقین کو نوٹسز جاری کیے جاتے ہیں، الیکشن کمیشن درخواست میں اٹھائے گئے قانونی سوالات پر جواب دے۔ عدالت عظمیٰ نے اپنے تحریری حکم نامے میں کہا کہ کیس کی مزید سماعت 28 مارچ دن ساڑھے 11 بجے ہوگی۔

شال بقیہ 5

گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے عبدالمتین اخونزادہ کی سربراہی میں کنٹہ ڈویلپمنٹ محاذ کے ممبران نے علیحدہ ملاقات کی اور گورنر بلوچستان کو صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور اس کے مضافات میں رہنے والے شہریوں کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا گورنر بلوچستان نے ان کے مسائل کے حل کے لیے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

شال بقیہ 6

ختم ہو گیا، الیکشن کی تاریخ مافیا کی سیاسی موت ہے۔ پی ٹی آئی کے امیدوار 30 اپریل کے حساب سے مہم جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین کی پاسداری کے لئے ہر طرح کی اے پی سی میں بیٹھنے کو تیار ہوں۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ پی ڈی ایم سیاسی اتحاد نہیں چوروں کا گروہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عدالت عظمیٰ پر الزام تراشی، دباؤ میں لانے کی کوششیں (ن) لیگ کا پرانا وتیرہ ہے، یہ وہی ہیں جن کے مسلح جتھے سپریم کورٹ پر حملہ آور ہوئے۔ دوسری جانب زمان پارک میں الیکشن ملتوی کیس پر گفتگو کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی اعجاز چوہدری نے کہا کہ ہمیں امید ہے سپریم کورٹ سے آج (بدھ) مثبت فیصلہ آ جائے گا، جس کے بعد باقاعدہ انتخابی مہم شروع ہوگی، مہم میں متعدد جلسے ہوں گے۔ اعجاز چوہدری نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں کے بیانات کو توجہ سے سنیں، یہ سب لوگ عمران خان کے خاتمے کی بات کررہے ہیں، ایسی باتیں اس وقت ہوتی ہیں جب کسی کو قتل کرنا ہو، پہلے بھی عمران خان پر حملہ ہوچکا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے وزیر داخلہ کے خلاف مقدمات درج کرانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ہم رانا ثنا اللہ پر پورے ملک میں مقدمات درج کرارہے ہیں، ان کے خلاف ہر ضلع اور تحصیل میں مقدمہ درج کرائیں گے۔

شال بقیہ 7

کیا۔ مارک برسٹو نے شعبے کی ترقی، ریلوے کی اپ گریڈیشن سمیت انفراسٹرکچر کی ترقی کے حوالے سے بات چیت جاری رکھنے پر کارپوریشن کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ دیگر ممالک میں وزیر اعظم شہباز شریف کا یتیموں اور لاوارث بچوں کی تعلیم کے لیے دانش سکولوں کا تصور ہمارے کام کا ایک اہم حصہ ہے۔ مارک نے کہا کہ میں اس اقدام میں مزید اضافے کے لیے جوش ہوں۔ ملاقات کے دوران وزیر مملکت نے پاکستان کے لیے کینیڈین ٹیکنالوجی کی اہمیت اور تیل کی تلاش میں مہارت سے فائدہ اٹھانے کے مواقع پر روشنی ڈالی۔ ملاقات میں پی ایم ڈی سی اور جی ایس پی کے ساتھ استعداد کار بڑھانے کے لیے تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بیرک گولڈ جیوتھرمل توانائی کی تلاش کے لیے پہلے ہی جی ایس پی کی ڈرل کا استعمال کر رہا ہے۔

شال بقیہ 8

میں بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے خیبر پختونخوا میں دیر، سوات، کوہستان، نوشہرہ، مردان، وزیرستان اور باجوڑ کے ندی نالوں میں بھی طغیانی کی پیش گوئی کی گئی ہے محکمہ موسمیات نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ گلگت بلتستان، کشمیر، مری اور گلیات میں لینڈ سلائیڈنگ بھی ہوسکتی ہے دریں اثنا، کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق منگل کو صوبہ کے بیشتر اضلاع میں موسم ابر آلود رہنے کے علاوہ کوئٹہ، ژوب، قلات، خضدار، چمن، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، سبی، نصیر آباد، دالبندین، بارکھان، تربت، کیچ، آواران، خاران، واشک، نوکنڈی، پنجگور گوادر اور پسنی میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج (بدھ) کو کیچ، گوادر، خاران، واشک، پنجگور، سوراب، چاغی، نوشکی، بولان، مستونگ، قلات، خضدار، سبی، ہرنائی، بارکھان، کوہلو میں وقفے وقفے سے گرج چمک کے ساتھ اور اگلے 48 سے 72 گھنٹوں کے دوران سوراب، بولان، مستونگ، قلات، خضدار، سبی، ہرنائی، جعفر آباد، نصیر آباد، صحبت پور، جھل مگسی، کوئٹہ، پشین، زیارت، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، ژوب، لورالائی، شیرانی، بارکھان، کوہلو میں بجلی بارش جبکہ زیارت اور قلعہ سیف اللہ میں برف باری کا امکان ہے۔

شال بقیہ 9

میپ پر تیزی سے عملدرآمد کیا جارہا ہے عوام کے مسائل حل کرنے کی وعدے پورے کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گنداوہ کے دورے کے دوران مختلف وفود سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ طارق خان مگسی نے کہا کہ ہم باتیں نہیں کام کر کے دکھاتے ہیں قومی وسائل عوام کی امانت ہیں خلوص نیت و جذبوں سے اپنے حلقہ انتخاب ضلع جھل مگسی کے عوام کی خدمت کررہے ہیں حلقہ انتخاب ضلع میں تعلیم، صحت، آبنوشی، بجلی، بلیک ٹاپ سڑکوں کی تعمیر پر خصوصی توجہ دے دی گئی ہے ضلع جھل مگسی میں ترقی و خوشحالی کا یہ سفر رکے گا نہ تھمے گا ہم اپنی انتھک محنت، خوش اسلوبی اور جہد مسلسل سے عوام کی تقدیر بدل رہے ہیں اور انشاء اللہ ہم اپنے مقصد میں کامیاب و کامران ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 10

امریکا سے اپنی دوستی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، بائیڈن انتظامیہ کے دور اقتدار میں اس دوستی میں اضافہ ہوا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ پاکستان 2021 میں ہونے والی اس سربراہ کانفرنس کے عمل کا حصہ نہیں رہا، اس کانفرنس میں بعض ممالک کو قومی سطح پر کچھ وعدوں کی ضرورت تھی، سربراہ کانفرنس کا عمل اب ایک ایڈوانس سطح پر ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان کے عوام کا جمہوریت اور جمہوری اقدار کا گہرا عزم ہے، پاکستانی نسلوں نے وقتاً فوقتاً جمہوریت اور بنیادی انسانی حقوق و آزادیوں کا بول بالا کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ رواں ماہ قوم جمہوریت و سیاست کی 50 ویں سالگرہ منارہی ہے۔

شال بقیہ 11

غیر تسلی بخش ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز و قدرتی وسائل ساجد خان طوری نے کہا کہ گزشتہ آٹھ ماہ میں 6 لاکھ 54 افراد کو بیرون ملک بھجوا چکے ہیں، سمندر پار پاکستانیوں کے 27 ہزار پاسپورٹس کو بحال کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی طریقے سے شہریوں کو بیرون ملک بھیجنے والے ملک کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں، انہوں نے انسانی سمگلرز کیخلاف ایف آئی اے کے ایکشن کو ناکافی قرار دے دیا۔ ساجد طوری نے کہا کہ انسانی اسمگلرز کیخلاف ایکشن سے مطمئن نہیں، اگر ایف آئی اے گرفتاری کرتی ہے تو انسانی اسمگلرز تھوڑے وقت کے بعد باہر آجاتے ہیں، پاکستان میں انسانی اسمگلنگ میں افغان ایجنٹ ملوث ہیں۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ غیر قانونی طریقے سے باہر جانے والے 30 ہزار سے زائد پاکستانی یونان کی جیلوں میں ہیں، ہم جاپان اور آسٹریلیا کے ساتھ معاہدے کررہے ہیں، جس کے بعد بیروزگار نوجوان قانونی طریقے سے بیرون ملک جاسکیں گے۔

شال بقیہ 12

عمران خان کے سیاسی وجود کی بات کی تھی، سیاست دان سیاسی بات ہی کرتا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ چاروں صوبائی اسمبلیوں اور قومی اسمبلی کے الیکشن ایک ساتھ ہوں گے، صوبوں میں نگران سیٹ اپ کے بغیر ہونے والے الیکشن کے نتائج کو کوئی تسلیم نہیں کریگا، ایسے الیکشن ملک میں افراتفری کا سبب بنیں گے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ عمران نیازی کے خلاف ابھی قانون حرکت میں نہیں آیا، عمران نیازی کا احتساب ہوگا، اب پی ٹی آئی میں سے بہت کچھ نکلے گا۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ عمران خان سے معاملات پوائنٹ آف نو ریٹرن سے بہت آگے جاچکے ہیں، عمران خان نے ملک کی سیاست وہاں پہنچادی ہے کہ اب عمران خان اور ہم میں سے کسی کا ایک ہی وجود باقی رہنا ہے، جب ہمارے وجود کی نفی ہوگی تو ہم ہر حد تک جائیں گے، پھر یہ نہیں سوچیں گے کیا جمہوری ہے، کیا نہیں۔ دوسری جانب عمران خان نے اپنے خلاف وفاقی وزیر داخلہ کے بیان پر اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست دائر کررکھی ہے۔

شال بقیہ 13

سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ کیا اس اہم ترین نقطے کا احاطہ کیے بغیر زور زبردستی سے قانون کے خلاف فیصلے کو قالین کے نیچے چھپا کر کوئی بھی فیصلہ قابل قبول ہوگا؟ ہرگز نہیں!۔

شال بقیہ 14

آنے سے ریلوے پل ٹوٹ گیا تھا، جس کی وجہ سے کوئٹہ سے اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس معطل ہوگئی تھی، ہیرک پل کی مرمت کا کام 56 کروڑ روپے کی لاگت سے ایف ڈبلیو او کے حوالے کیا گیا، جنہوں نے ستمبر میں متاثرہ پل کی مرمت کا کام شروع کیا جو پچھلے 6 ماہ سے جاری ہے، ریلوے حکام نے نومبر میں پنڈی سے پشاور کیلئے جعفر ایکسپریس کو بحال کردیا تھا تاہم بولان میل ابھی تک بحال نہیں ہو سکی ہے، ڈی ایس ریلویز کوئٹہ فرید احمد نے جیو نیوز کو بتایا کہ ہیرک پل تکمیل کے آخری مراحل میں ہے، تو تعمیر شدہ پل کی مضبوطی کو چیک کرکے پندرہ اپریل سے ٹرین سروس بحال کردی جائے گی۔

شال بقیہ 15

سڑکوں پر گرین بسیں چل پڑیں گی۔" انہوں نے کہا کہ یہ کوئٹہ کے شہریوں کے لیے باوقار سفری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے گا۔ سریاب روڈ کی چوڑائی اور تعمیر رواں سال مئی تک مکمل کی جائے گی۔ سریاب روڈ کی تعمیر اور دیگر منصوبے بہت کم وقت میں مکمل ہوں گے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے متعلقہ حکام کو سریاب روڈ کو رواں سال مئی تک مکمل کرنے کی ہدایت بھی کی ہے۔ افسر نے بتایا کہ "وزیراعلیٰ بلوچستان نے بسوں کو فعال بنانے کی سختی سے ہدایت کی ہے"۔ اگرچہ، انہوں نے کہا کہ پچھلی حکومت نے گرین بسوں کے آغاز کے حوالے سے مناسب فزیبلٹی رپورٹ تیار نہیں کی تھی۔ عہدیدار نے بتایا کہ پروجیکٹ کے آغاز کے حوالے سے کوئی مناسب معیاری آپریٹنگ طریقہ کار (SOP) نہیں تھا۔ محکمہ ٹرانسپورٹ بلوچستان نے پہلے مرحلے میں بلیلی اور سریاب تک چلانے کے لیے ابتدائی طور پر 8 بسیں خریدیں۔ محکمہ ٹرانسپورٹ بلوچستان نے کوئٹہ کے عوام کو باوقار سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے آٹھ بسیں خریدیں۔ ابتدائی طور پر محکمہ نے شہر کے لیے 100 بسیں خریدنے کی تجویز پیش کی۔ مکمل غور و خوض کے بعد، حکومت نے کوئٹہ شہر میں ٹریفک اور دیگر انتظامی مسائل کی وجہ سے صرف 8 بسیں خریدنے کا فیصلہ کیا۔ کوئٹہ کے شہری باوقار سفر سے محروم رہے اور وہ اپنی منزلوں تک پہنچنے کے لیے پرانی لوکل بسوں میں سفر کرنے پر مجبور ہیں۔ گرین بس سروس کا آغاز کوئٹہ کے عوام کے دیرینہ مطالبات میں سے ایک تھا۔

شال بقیہ 16

کے مطابق عمران خان کے خلاف 28 جبکہ ایف آئی اے کے ریکارڈ کے مطابق 1 مقدمہ درج کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پولیس کے مقدمات میں سے ایک مقدمہ خارج ہوچکا ہے، 7 مقدمات تفتیش کے مراحل میں ہیں، 20 ٹرائل کورٹ میں زیر سماعت ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایف آئی اے فارن ایکسچینج ایکٹ کے تحت درج مقدمہ بینکنگ کورٹ میں زیر سماعت ہے۔ رپورٹ آئی جی اسلام آباد اور ایف آئی اے کی جانب سے جمع کرائی گئی ہے۔

شال بقیہ 17

جو سوالات اٹھائے ہیں وہ بھی انتہائی سنجیدہ نوعیت کے ہیں، اعلیٰ عدلیہ کا فرض ہے کہ بینچ کے اندر اٹھنے والے اعتراضات پر نظر ثانی کرے، فل کورٹ بینچ نہ بنا تو عدلیہ اور فیصلے کی غیر جانبداری پر مزید سوالات اٹھیں گے، معاملہ سلجھنے کے بجائے مزید الجھ جائے گا۔ شیری رحمن نے کہا کہ انتخابات اور آئین کے اس معاملے میں مزید ابہام پیدا کرنے کی کوئی گنجائش نہیں۔

شال بقیہ 18

بی آئی ایس پی کے پیمنٹ ماڈل پر انہوں نے خود تشویش کا اظہار کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پیمنٹ کیلئے بینکوں کیساتھ معاہدے ہیں جن پر عملدرآمد ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم بی آئی ایس پی کے تحت ادائیگیوں کے ماڈل کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں، پہلے مرحلہ میں پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر بینک اکاؤنٹس کھولے جائیں گے، اس سے خواتین کو بااختیار بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ چترال میں بی آئی ایس پی کے حوالہ سے مسائل حل کریں گے۔

شال بقیہ 19

فیصلے کرنے چاہئیں جنہیں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے۔ منگل کو قومی اسمبلی میں وزیر اعظم شہباز شریف کے خطاب کے بعد اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ قائد ایوان نے کہا ہے کہ ایوان آئینی معاملات پر بحث کرے، وزیر پارلیمانی امور اس حوالے سے تحریک موو کریں۔ وزیر پارلیمانی امور مرتضیٰ جاوید عباسی نے تحریک پیش کی کہ ایوان موجودہ صورتحال پر بحث کرے جسے ایوان نے بحث کیلئے منظور کرلیا۔ بحث کا آغاز کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کے رہنما اور وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم ایک ایسے دوراہے پر کھڑے ہیں جہاں ہم نے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ کیا ہم جس آئین پر حلف اٹھا کر یہاں بیٹھتے ہیں کیا اس کی اصل روح کی پاسداری کررہے ہیں یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے ہر ستون کی حفاظت کی جانی چاہیے، آئین کے نام پر آئین کی خلاف ورزی نہیں ہونی چاہیے بلکہ اسے اسی انداز میں چلایا جانا چاہیے۔

شال بقیہ 20

میں لاکھوں لوگ صبح آٹے کی تلاش میں نکلتے ہیں، قطاروں میں گھنٹوں تضحیک اور تذلیل کے بعد دس کلو کا تھیلا ملتا ہے، سیکڑوں زخمی، کئی شہید ہوگئے، خواتین پاؤں تلے روندی گئیں، سوال یہ ہے کہ کیا حکومت اتنی ناکارہ ہے کہ لوگوں کو آٹا دینے کی صلاحیت نہیں رکھتی؟ حقیقت یہ ہے کہ نااہل حکمران آئی ایم ایف کو دکھانا چاہتے ہیں کہ پاکستانی اتنی لاچار قوم ہے کہ اسے آٹا تک دستیاب نہیں، ہمیں قرضہ دو، ملک بدحالی میں، ادارے بے توقیر، ایوان تماشا اور پی ڈی ایم اور پیپلز پارٹی کی اتحادی حکومت ناکام ہوئی، پی ٹی آئی بھی خرابی میں برابر کی ذمہ دار ہے۔ بہتری کے لیے ضروری ہے کہ عدالتیں، ملٹری اسٹیبلشمنٹ اور الیکشن کمیشن مکمل طور پر غیر جانبدار ہوجائیں اور صاف شفاف انتخابات ہوں، پارلیمنٹ میں موجود سبھی جماعتیں جنرل الیکشن کے لیے مذاکرات کریں، عوام سے فیصلہ لینا ہوگا۔ وہ ملتان میں آٹے کی قطار میں شہید ہونے والے پچپن سالہ نظام الدین کے اہل خانہ سے تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کررہے تھے۔ امیر جماعت اسلامی پنجاب جنوبی راؤ ظفر اور امیر ضلع ڈاکٹر صفدر ہاشمی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ سراج الحق نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی کی جنگ کرسی، ذات اور مفادات کے لیے ہے، ان کی سیاست ملک و قوم کی تباہی کا باعث بنی، یہ کرپٹ نظام کے محافظ ہیں، ان سب نے توشہ خانہ لوٹا، قومی خزانہ اور ملکی وسائل پر ہاتھ صاف کر کے اندرون بیرون ملک اربوں کی جائیدادیں بنائیں، ملک کے صرف اٹھارہ وڈیروں کے چار ہزار ارب کے اثاثے ہیں، حیرانی ہوتی ہے کہ جس ملک میں عوام آٹے کی لائنوں میں ہوں وہاں حکمرانوں نے اتنی دولت کہاں سے کمائی؟ قوم کی گردنوں پر مسلط ظالم جاگیرداروں اور کرپٹ سرمایہ داروں کو کوئی ادارہ، نیب یا عدالت کرپشن پر نہیں پوچھتی، عوام ووٹ کی طاقت سے ہی ان ظالموں اور لٹیروں کا احتساب کریں، جماعت اسلامی ملک و قوم کے لیے روشنی کی واحد کرن ہے، لوگ ہمیں ووٹ دیں، ملک میں عدل و انصاف کی حکمرانی قائم کرکے اسے خوشحال ترقی یافتہ بنائیں گے۔ سراج الحق نے کہا کہ حکومت نے لوگوں کو مفت آٹا دینا تھا تو موجودہ دور میں بے شمار آسان طریقے ہیں، ملک میں اچھا کام کرنے والی کئی فلاحی تنظیمیں ہیں۔

شال بقیہ 21

ہے۔ قبل ازیں زلمے خلیل زاد نے عمران خان کے موقف کی حمایت کرتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان میں الیکشن جلد کرادیے جائیں۔ زلمے خلیل زاد کے بیان پر پاکستانی دفتر خارجہ نے احتجاج کیا تھا جبکہ حکومتی رہنماؤں نے ان کے بیانات کی مذمت کرتے ہوئے انہیں پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت قرار دیا تھا۔ واشنگٹن میں پریس بریفنگ کے دوران ترجمان امریکی وزارت خارجہ ویدانت پٹیل نے کہا کہ زلمے خلیل زاد امریکی شہری ہیں، ان کے بیانات ذاتی حیثیت میں ہیں جو بائیڈن انتظامیہ کی نمائندگی نہیں کرتے ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ امریکا کے سابق مندوب برائے افغانستان کے بیانات کا امریکی خارجہ پالیسی سے بھی کوئی تعلق نہیں ہے۔ ویدانت پٹیل نے مزید کہا کہ پاکستان میں سیاسی فریقین کو قانون کا احترام کرنا چاہیے۔ تشدد، ہراسانی یا دھمکی کا سیاست میں عمل دخل نہیں۔ پاکستان کے عوام کو جمہوری و آئینی طریقے سے اپنے ملک کے رہنماؤں کا انتخاب کرنے دیا جائے۔

شال بقیہ 22

ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن تاجی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا ہے کہ عدلیہ کے فیصلے کی دھجیاں اڑانے سے ملک خطرناک موڑ پر کھڑا ہے، یہاں تک کہ حکومت کی غیر آئینی اقدام سے جگر دست گریبان ہے، غیر آئینی اقدامات سے ملک کی اساس کو کمزور کیا جارہا ہے اور اداروں میں تلخی اور کشیدگی بڑھ رہی ہے اداروں کی تصادم سے ہمیشہ جمہوریت اور ملک کو نقصان پہنچا ہے جس کا خمیازہ ملک و قوم نے بار بار آمریت کی صورت میں بھگت چکی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ آئین پر من و عن عملدرآمد سے ملک میں استحکام آسکتی ہے یہ کو یقینی بناتا ہے اور انتشار، بے یقینی سے بچاتا ہے، آئین سے روگردانی اور اس کی خلاف ورزی ریاست سے دشمنی ہے آئین کو نظریہ ضرورت بنانے سے ملک سنگین آئینی و سیاسی بحران سے دوچار ہورہا ہے بدقسمتی سے ملک کے آئین سے کھلواڑ کھیلا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر آئینی اور غیر جمہوری عمل سے ملک مزید دلدل میں پھنس جائیگی موجودہ حالات میں ملک کسی بھی افراتفری کا متحمل نہیں سیاسی اختلافات نے ملک میں انارکی کی سی صورتحال پیدا کردی ہے جس نے آج ایک خطرناک رخ اختیار کی اور ملک کی سیاست و جمہوریت کو داؤ پر لگادیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کو آمریت سے زیادہ نقصان سیاسی جماعتوں کے انتقامی سیاست اور انتشار نے پہنچایا ہے اور ان ہی سیاسی جماعتوں نے ہر بار غیر جمہوری اور غیر آئینی عمل کو سیاست میں مداخلت کے لئے راستہ فراہم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ کا انتخابات کا فیصلہ ملک و قوم کے مفاد میں ہے عدلیہ کی فیصلے ملک کو ایک بڑا بحران سے بچانے کے لئے ہوا لیکن الیکشن کمیشن بحران کو مزید طول دیا جارہا ہے ملک کو درپیش بحران کے حل کے لیے تین مہینے کی اندر عام انتخابات کرے۔

شال بقیہ 23

اعجاز الاحسن نے رضا کارانہ طور پر کیس سے علیحدگی اختیار کی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز جسٹس منصور اور جسٹس جمال مندوخیل کا فیصلہ آیا، دو مختلف طبقات ہیں جو مختلف باتیں کررہے ہیں، دو ججز کے اختلافی نوٹ کے بعد یہ بات ثابت ہوگئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس کیس پر 13 رکنی بینچ بننا چاہیے، گزشتہ روز جو 2 ججز نے فیصلہ دیا انہوں نے بھی اسی طرف اشارہ دیا، انہوں نے کہا کہ وزیراعظم فرد واحد کے طور پر فیصلے نہیں کرتا کابینہ کی مشاورت شامل ہوتی ہے۔

شال بقیہ 24

جائزہ اجلاس میں صوبے میں جاری وفاقی منصوبوں کی سست روی اور فنڈز کے عدم اجراء پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا اجلاس کو اے سی ایس منصوبہ بندی و ترقیات کی جانب سے رواں مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت پر بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ بجٹ کیلنڈر کے مطابق آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام کی تیاریوں کا آغاز کردیا گیا ہے جبکہ سیکرٹری خزانہ کی اجلاس کو مالی صورتحال اور ترقیاتی فنڈز کے اجراء پر بریفنگ دی۔ اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ رواں مالی سال صوبے میں وفاقی منصوبوں کا تخمینہ لاگت 103 ارب روپے ہے بر سہ ماہی میں ان منصوبوں کے لیئے 26 ارب کا اجراء ہونا تھا ان منصوبوں کے لیئے 76 ارب جاری ہونے چاہئے تھے۔ اب تک وفاقی حکومت کی جانب سے صرف 31 ارب روپے کا اجراء کیا گیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کی اسکیمیں تو شامل کر لی جاتی ہیں لیکن فنڈز نہیں دیئے جاتے، انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام سمجھتے ہیں کہ یہ فنڈز بدعنوانی کی نظر ہورہے ہیں جبکہ فنڈز ہوتے ہی نہیں ہیں منصوبہ بندی و ترقیات اور خزانہ کے وزراء نے اسلام آباد میں وفاقی وزراء احسن اقبال اور اسحاق ڈار سے ملاقاتیں کیں وفاقی حکومت کی بار ہا یقین دہانیوں پر اب تک عملدرآمد نہیں ہوا صوبے کے آئینی حقوق کے تحفظ کے لیئے ہر آئینی و قانونی طریقہ کار اپنائیں گے، کمزوری اور مروت دکھانے سے وفاق سے کچھ نہیں ملے گا اگر اسی رفتار سے وفاقی منصوبے چلیں گے تو یہ اگلے 20 سال میں بھی مکمل نہیں ہوسکیں گے، میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ وفاق بلوچستان کی ترقی سے متعلق اپنے رویے اور پالیسیوں کا از سر نو جائزہ لے بلوچستان اس ملک کا مستقبل ہے جسے نظر انداز کرنے سے نقصان ہوگا ہر آئینی اور سیاسی فورم پر بلوچستان کے حق کے لئے پرزور آواز بلند کریں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے ترقیاتی فنڈز کے اجراء میں مزید تیزی لانے اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کی ہدایت کی اور کہا کہ جو اعلانات کیئے جاتے ہیں ان پر ہر صورت عملدرآمد کیا جائے۔

شال بقیہ 25

سرگرمیاں شروع کردیں۔ نعشوں اور زخمیوں کو علاقے کے ہسپتالوں میں منتقل کردیا گیا۔

شال بقیہ 26

کیلئے جاری تربیتی کیمپ میں شریک کھلاڑیوں سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کھلاڑیوں کو دوران تربیت فراہم کی جانیوالی تربیت اور سہولیات سے متعلق دریافت کرتے ہوئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ تربیتی کیمپ میں ملک کے مختلف حصوں سے آنے والی خواتین کھلاڑیوں کی شرکت حوصلہ افزاء ہے، امید ہے کیمپ میں شامل کھلاڑی یہاں سے خوشگوار یادیں لے کر جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ایک افراتفری ہے کسی بھی ایشو میں مینجمنٹ نہ ہونے کے برابر ہے آبادی میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے اور اس کے ساتھ بے روزگار بڑھ رہی ہے حکومت بھی ڈیلور کرنے میں ناکام ہے، ایسے میں ضرورت اس امر کی ہے کہ ہاکی و دیگر کھیلوں سے منسلک کھلاڑی اپنی محنت سے اپنا نام منوائیں تاکہ مستقبل میں وہ بڑی بڑی ٹیموں میں کھیل کر آئندہ نسلوں کیلئے آئیڈیل بنیں۔

شال بقیہ 27

مطابق منگل کو پاک نیوی کی بس کراچی سے واپس ماڑہ جاتے ہوئے مکران کوسٹل ہائی وے کنڈملیر کے مغربی علاقے کنڈگری کے حدود میں تیز رفتاری کے باعث الٹ گئی جس کے نتیجے میں بس میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 9 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام نے لاش اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 28

منگل کو حب میں ندی میں نہاتے ہوئے ندیم، واجد اور سعد ڈوب کر جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام نے 15 سالہ نوجوان سمیت دو افراد کی نعشیں نکال لیں جبکہ تیسرے بچے کی تلاش جاری ہے۔

شال بقیہ 29

تفصیلات کے مطابق لورالائی کے علاقے لونی آباد میں بیٹے نے کلہاڑی سے وار کرکے اپنی ماں کو ہلاک کردیا اور موقع سے فرار ہوگیا۔ پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور مزید کارروائی شروع کردی۔

شال بقیہ 30

منگل کو ژوب کے علاقے نیو آبادی اپوزنی ٹاؤن میں نامعلوم افراد نے پٹرول پمپ پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں دو افراد زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

شال بقیہ 31

سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ سپریم کورٹ کے باہر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری نے کہا کہ تحریک انصاف آزاد عدلیہ چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ (ن) لیگ نے ایسی خاتون کو ترجمان لگایا ہے جو کونسلر کا الیکشن بھی نہیں جیت سکتی۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ایسے ترجمان لگانے سے پارٹی کا حشر کیا ہوتا ہے سب کو معلوم ہے۔

شال بقیہ 32

اور نائیک محمد اسد کو وطن کیلئے جان کا نذرانہ پیش کرنے پر شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ منگل کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے پاک فوج کے شہید اہلکاروں کے لواحقین سے ٹیلی فون پر اظہار تعزیت کی اور شہداء کے خاندانوں کو اپنے پیاروں کی قربانی دینے پر سلام پیش کیا۔ صدر مملکت نے حوالدار اظہر اقبال کے والد اور نائیک محمد اسد کے بھائی سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا۔ حوالدار اظہر اقبال اور نائیک محمد اسد 20 مارچ کو ڈیرہ اسماعیل خان میں حملے میں شہید ہوئے تھے۔ انہوں نے شہداء کو وطن کیلئے جان کا نذرانہ پیش کرنے پر خراج عقیدت اور شہداء کے خاندانوں کو اپنے پیاروں کی قربانی دینے پر سلام پیش کیا۔ صدر ڈاکٹر عارف علوی نے شہداء کے بلندی درجات اور ورثاء کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

شال بقیہ 33

ٹھیک ہے اور وہ دبئی میں گھر پر مقیم ہیں۔ فیملی ذرائع کے مطابق سابق صدر آصف زرداری نے دبئی میں قیام کے دوران اپنا چیک اپ کرایا تھا۔ فیملی ذرائع کے مطابق سابق صدر آصف علی زرداری کی سرجری نہیں ہوئی اور نہ ہی وہ ہسپتال میں داخل ہیں۔

شال بقیہ 34

قریشی کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کیخلاف بیان بازی کرکے شاہ محمود سیاست میں زندہ رہنا چاہتا ہے۔ اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی زیر قیادت وزارت خارجہ آج زیادہ متحرک ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری خارجہ امور سمجھتے ہیں قریشی جیسوں کو سمجھانے پڑتے ہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سیاست میں بلاول بھٹو زرداری طلوع ہو چکے ہیں شاہ محمود قریشی غروب ہوچکے۔ انہوں نے کہا کہ شاہ محمود قریشی کو سیاسی وفاداریاں تبدیل کرنے کے سوا آتا ہی کیا ہے۔

شال بقیہ 35

نیوز پیپر ایڈیٹر کے صدر کاظم خان سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ عمران خان نے کہا کہ میرے قتل کی تحقیقات سبوتاژ کرنے میں تینوں کا اہم کردار ہے۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ رانا ثنا اللہ بزدل آدمی ہے، وہ وزیر داخلہ نہیں دہشت گرد مافیا کا رکن ہے، قتل کی دھمکیوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی کروں گا۔ انہوں نے الیکشن ملتوی کیس پر کہا کہ انتخابات اگر مقررہ تاریخ سے آگے گئے تو سمجھیں قانون ختم ہوگیا، الیکشن کی تاریخ مافیا کی سیاسی موت ہے۔ پی ٹی آئی کے امیدوار 30 اپریل کے حساب سے مہم جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین کی پاسداری کے لئے ہر طرح کی اے پی سی میں بیٹھنے کو تیار ہوں۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ پی ڈی ایم سیاسی اتحاد نہیں چوروں کا گروہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عدالت عظمیٰ پر الزام تراشی، دباؤ میں لانے کی کوششیں (ن) لیگ کا پرانا وتیرہ ہے، یہ وہی ہیں جن کے مسلح جتھے سپریم کورٹ پر حملہ آور ہوئے۔ دوسری جانب زمان پارک میں الیکشن ملتوی کیس پر گفتگو کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی اعجاز چوہدری نے کہا کہ ہمیں امید ہے سپریم کورٹ سے آج (بدھ) مثبت فیصلہ آجائے گا، جس کے بعد باقاعدہ انتخابی مہم شروع ہوگی، مہم میں متعدد جلسے ہوں گے۔ اعجاز چوہدری نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں کے بیانات کو توجہ سے سنیں، یہ سب لوگ عمران خان کے خاتمے کی بات کررہے ہیں، ایسی باتیں اس وقت ہوتی ہیں جب کسی کو قتل کرنا ہو، پہلے بھی عمران خان پر حملہ ہوچکا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے وزیر داخلہ کے خلاف مقدمات درج کرانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ہم رانا ثنا اللہ پر پورے ملک میں مقدمات درج کرارہے ہیں، ان کے خلاف ہر ضلع اور تحصیل میں مقدمہ درج کرائیں گے۔

شال بقیہ 36

شامل ہیں زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کی شناخت امیرہ بنت شوکت علی عمر 9 سال، اسعود ولد وارث عمر 27 سال، لئیق زمان ولد عمر زمان 28 سال، شیراز علی ولد شہباز علی 33 سال، ارزلان ولد شوکت علی 4 سال، نوید علی ولد زرید خان 30 سال، عاشق حسین ولد عبدالرزاق، صوبیہ زوجہ شوکت علی عمر 31 سال اور محمد ارسلان ولد شوکت اللہ عمر 6 سال کے نام سے ہوئی۔ امدادی کارروائیوں میں پاک نیوی، پاک آرمی اور پاکستان کوسٹ گارڈز کے جوانوں نے بھی حصہ لیا۔ زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال اوتھل منتقل کیا گیا۔ جہاں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی حادثے کی اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عمران، ڈاکٹر عبدالرحمن زہری ڈاکٹر ہیرا لعل DHQ ہسپتال اوتھل کے ایمرجنسی وارڈ پہنچے اور زخمیوں کو بہتر طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی۔ بعدازاں زخمیوں کو کراچی منتقل کردیا گیا۔

شال بقیہ 37

ایکسپلوزو گرینیڈ برآمد کرکے ملزم کو مزید تفتیش کیلئے ملزم کو انوسٹی گیشن کے حوالے کردیا گیا جبکہ ملزم سے برآمدہ اسلحہ ایمونیشن کی نسبت علیحدہ مقدمہ فرد نمبر 23/34 بجرم B/17 آرمز آرڈیننس 4-5 EXP ایکٹ 07ATA برخلاف ملزم رحم دل کیخلاف مقدمہ درج کر ملزم کو انوسٹی گیشن اسٹاف کے حوالے کیا گیا ایس ایچ او سریاب ایس آئی محمد قاسم روبنی ہمراہ ہیڈ محرر خدائے دوست راہیجہ اے ایس آئی عزیز اللہ جتوئی ریڈ کرکے مختلف اشتہاری و مفرور ملزمان کو گرفتار کرکے مال مسروقہ برآمد کیا گیا ہے مقدمہ نمبر 2022.10 بجرم 149.147.427.448.447 ت پ تھانہ منظور شہید میں اشتہاری ملزم جمال شاہ، مقدمہ فرد نمبر 07/2022 بجرم 182.325 ت پ میں اشتہاری ملزم عزیز اللہ، مقدمہ فرد نمبر 27/2023 بجرم زیر دفعہ ADF/337 و 34 ت پ میں مفرور ملزم جمال شاہ، مقدمہ فرد نمبر 28/2023 بجرم 34.380 ت پ میں نامزد ملزم جمال شاہ کو گرفتار کرکے مال مسروقہ برآمد کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 38

کے لئے کوشاں ہے، گوادر پورٹ پر لگ بھگ 250000 میٹرک ٹن گندم باقی ہے ان کا کہنا تھا کہ گوادر بندرگاہ پر 2 مارچ سے جب پہلا جہاز لنگر انداز ہوا تو گندم کے اخراج اور ترسیل کے لیے صفر ہینڈلنگ نقصان دیکھا گیا انہوں نے بتایا کہ تمام لوڈنگ، آف لوڈنگ اور ٹرانسپورٹیشن کو درنگی کے ساتھ ہینڈل اور انتظام کیا گیا ہے ایسٹ بے ایکسپریس وے جو خصوصی طور پر گوادر پورٹ کو مکران کوسٹل ہائی وے سے جوڑتا ہے شہری سڑکوں کو بائی پاس کرتے ہوئے گندم سے لدے ٹرکوں کی نقل و حرکت کے لیے استعمال ہونے والا واحد راستہ ہے اس حوالے سے گوادر میں موجود ایک ٹرانسپورٹر کا کہنا تھا پہلے ٹرک گوادر کی رش والی شہری سڑکوں سے گزرتے تھے جو نہ صرف مقامی شہر پر اضافی بوجھ ڈالتے تھے بلکہ ٹرکوں کی نقل و حرکت کو بھی متاثر کرتے تھے۔

شال بقیہ 39

کو برطرف نہیں کرسکتا۔ اگر کسی بھی وی سی کے خلاف بدعنوانی پائی جاتی ہے تو حکومت الزامات کی تحقیقات کے لیے ایک انکوائری کمیٹی تشکیل دے سکتی ہے۔ صرف اس صورت میں وائس چانسلر کو برطرف کیا جاسکتا ہے کہ اگر ان کے خلاف الزامات ثابت ہوجاتے ہیں عدالت نے درخواست باقاعدہ سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام کو نوٹسز جاری کردیے۔ کیس کی سماعت 11 اپریل تک ملتوی کر دی گئی ہے واضح رہے گورنر بلوچستان نے 21 مارچ کو بلوچستان کی چار سرکاری یونیورسٹیوں کے 4 وائس چانسلرز کو برطرف کر دیا تھا، وی سی لسبیلہ یونیورسٹی نے ڈاکٹر دوست محمد بلوچ نے گورنر کے نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا ہے۔

شال بقیہ 40

نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کا کوئی لاڈلہ نہیں، قانون پر فیصلہ ہوتا ہے۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ پاکستان کے سب ادارے سپریم کورٹ کے پابند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے فیصلہ دینا ہے، الیکشن ملک کی بقا ہے۔ الیکشن 2 ماہ پہلے یا بعد میں ہوجائیں تو کوئی مسئلہ نہیں۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ معاشی طور پر آئی ایم ایف نے چھٹی کردی، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات منہ نہیں لگا رہے۔ سابق وزیر داخلہ نے کہا کہ 10 پریس کانفرنس وزیر کرتے ہیں، 10 بندے آنے کے فیصلے کے لیے مرجاتے ہیں، کیس ختم کروانے کی سازش ان ہی کے گلے پڑگئی۔

شال بقیہ 41

کے تمام منتخب ایگزیکٹو کو مبارکباد پیش کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی سے لیکر ملی شہید عثمان خان کاکڑ اور دیگر پارٹی کے اکابرین، رہنماؤں کی ملی ارمانوں کی تکمیل کیلئے ضروری ہے کہ ہم اپنے تنظیم کو منظم بنائیں، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی منظم تنظیم ہی کے ذریعے اپنے منزل مقصود تک پہنچ سکتی ہے اور پشتونوں کو نجات دلاسکتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پارٹی نظم وضبط، ڈسپلن کی پابندی ہر رہنما اور کارکن کا اولین فریضہ ہے ہم سب تنظیمی ساخت کو مضبوط بنانے اور ڈسپلن کی پابندی کرنی ہوگی۔

شال بقیہ 42

تمام بازاروں میں سحری اور افطار کے لئے بنائے جانے والی خوراکی اشیاء کی بھی نگرانی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی ڈائریکٹر محمد آصف کی نگرانی میں ملاکنڈ ڈویژن کے تمام اضلاع میں کارروائیاں جاری ہیں اور عوام کو محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔

شال بقیہ 43

بھر میں سحری افطار اور تراویح کے اوقات میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوگی لیکن اس کی باوجود لوڈشیڈنگ ہورہی ہے گیس حکام اتنا طاقتور بن چکی ہے کہ صوبے کی وزیراعلیٰ اور پارلیمنٹرز کی بات کی سننے تک تیار نہیں یہاں تک کہ وزیراعلیٰ بھی احتجاج کررہے ہیں کیسکو اور گیس حکام بجلی، گیس لوڈشیڈنگ اور گیس پریشر کی مسئلہ کو سنجیدگی سے نہیں لیتے تو عوام بھی ان کو راستہ دکھاسکتے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت کے بے حسی سے عوام واپڈا اور گیس حکام کی رحم و کرم پر ہے روٹی کے حصول کیلئے عوام تندوروں پر مجبور ہورہے ہیں عوام مہنگے داموں ایل پی جی گیس خریدنے پر مجبور ہوچکے ہیں انہوں نے کہا کہ واپڈا اور گیس حکام بجلی اور گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور وولٹیج کی کمی کے خاتمے کی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے مسائل سے جلد نجات دلائے۔

شال بقیہ 44

تھام کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے لیکن کرنے سے قاصر ہیں ضلع صحبت پور میں مختلف مقامات پر بی ایچ یوز ہسپتال قائم ہیں لیکن ان میں سہولیات نہیں ہیں بشمول ان ہسپتالوں میں پیناڈول کی گولی نہ ملے مہنگائی اور غربت کی وجہ سے لوگ مختلف موذی امراض میں مبتلا مریض مسلسل مہینوں بھر گھر میں بستر پر لاعلاج پڑے رہنے کے بعد موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں اور ان امراض کی وجہ سے کئی انسانی جانیں ضیاع ہوئیں ہیں اگر ضلع صحبت پور میں اچھا خاصہ ہسپتال ہوتا تو غریب لوگ اپنا علاج وقت پر کرواتے شاید کسی غریب کا جان بچ سکتا امیر لوگ تو اپنا علاج امریکہ، برطانیہ کے بڑے بڑے ہسپتالوں میں بھی کرواسکتے ہیں آج بھی سینکڑوں کی تعداد میں غریب یتیم نادار لوگ مختلف موذی امراض میں مبتلا بستر پر زندگی و موت کے کشمکش میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں جو علاج کیلئے حکومتی امداد کے منتظر ہیں اس سلسلے میں علاقائی عوام نے محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے موذی امراض کی روک تھام کیلئے فوری اقدامات اٹھانے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ مزید انسانی جانیں ضیاع نہ ہوں۔

شال بقیہ 45

کہا کہ قیام امن کیلئے ضلعی انتظامیہ چمن لیویز فورس کے دستے ہمہ وقت تیار چوکنا اور چاک و چوبند ہیں پوری ضلع چمن میں آج کے بعد تخریب کاروں چوروں ڈاکوؤں امن کے دشمن اشتہاری اور مفرور ملزموں کو کہیں بھی چھپنے کا جگہ نہیں ملے گا ان خیالات کا اظہار اسسٹنٹ کمشنر چمن ڈاکٹر عبدالسلام نے ٹائیگر فورس حوالدار عبدالوارث منیر احمد، عبداللہ اور ٹائیگر فورس کے جوانوں کے ساتھ ناکے کے دوران کیا کل شام افطاری کی وقت شین تالاب روڈ پر ناکے پر کھڑی ٹائیگر فورس نے مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو روکنے کے اشارہ کے دوران موٹر سائیکل سواروں نے رکنے کے بجائے لیویز فورس پر فائرنگ شروع کردی۔

شال بقیہ 46

لوگ ایک دوسرے کی عزت کرتے ہیں اور قبائلی صوبہ ہونے کی وجہ سے یہاں کے اپنے رسم و رواج ہیں جن کی پاسداری ہر شہری اور پولیس افسران پر لازم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکار تھانوں میں شکایات لیکر جانے والے شہریوں کے ساتھ عزت و احترام کے ساتھ پیش آئیں اور انکی شکایات کے ازالے کیلئے قانون کے مطابق کارروائی عمل لائیں۔ انہوں نے کہا کہ اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ تھانوں میں ایس ایچ او غیر مقامی لوگ ہیں جنہیں یہاں کے رسم و رواج کا پتہ نہیں ہے اس لئے ان لوگوں کے ساتھ برتاؤ ٹھیک نہیں ہوتا۔

شال بقیہ 47

سیاست ہے جس نے ملک میں انتشار کی ایک کیفیت پیدا کی ہے انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت عمران خان کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ملک کو ڈیفالٹ سے بچانے کی تگ و دو میں مصروف ہے عمران خان کی غلط خارجہ پالیسیوں نے ملک کو دنیا میں تنہا کردیا تھا اور آج پوری قوم اس کا خمیازہ بھگت رہی ہے جس کی واضح مثال ان کی آئی ایم ایف کے ساتھ سخت شرائط پر مبنی معاہدے ہیں۔ حاجی میر پرویز احمد سیاپاد نے مزید کہا کہ عمران خان نے ملکی قوانین اور اعلیٰ عدلیہ کا مذاق بنایا ہوا ہے اور عدالتی احکامات کو ہوا میں اڑا رہی ہے اور اس طرح وہ اپنے ہی اس بات کی نفی کررہی ہے کہ قانون امیر اور غریب دونوں کے لیے برابر ہونے چاہیے مگر خود اس پر عمل نہیں کررہا اور عدالتوں کا سامنا کرنے کے بجائے مختلف بہانوں سے بھاگ رہی ہے انہوں نے کہا کہ قانون کو اپنا راستہ اختیار کرنا چاہیے اور انتشار خان کو گرفتار کرکے ملک کو مزید افراتفری سے بچانا چاہیے۔

شال بقیہ 48

پر خواتین کا بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے حکام بالا سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ اس حوالے سے خواتین نے صحافیوں کو بتایا کہ اس شخص کی ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کو شکایت دینے جب ہم ڈی سی آفس پہنچیں تو وہاں پر بھی ہمیں ملاقات کرنے سے روک دیا گیا خواتین نے بینظیر انکم سپورٹ کے بست و کشاد سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تعینات عبدالصمد نامی آفیسر کے خلاف خواتین سے بدتمیزی اور ہتک آمیز رویہ اختیار کرنے پر فوری نوٹس لے کر اخلاق سے عاری شخص کا فوری تبادلہ کیا جائے اس کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے۔ جب کہ اس کی جگہ کسی بااخلاق اور فرض شناس آفیسر تعینات کیا جائے۔

شال بقیہ 49

حقوق کی حفاظت کرنے والے ادارے خود خلاف ورزی کررہے ہیں۔ سپریم کورٹ بار نے کہا کہ کوئی بھی قانون نافذ کرنے والا ادارہ یا فرد قانون سے بالاتر نہیں ہے۔

شال بقیہ 50

ہمارے پاس آخری آپشن یہی موجود ہے اس کے سوا دوسرا آپشن نہیں ہے اور ان کرپٹ عناصر کی بقا بھی اسی میں ہے کیونکہ ملک کے کروڑوں عوام مہنگائی کے چکی میں پس رہی ہے ملک تنزلی کی جانب گامزن ہے عوام کا بیڑا غرق ہوچکا ہے اس سے عالم کار سے پاکستان کی جان بھی چھوٹ جائے گی اور پھر ایک خوددار قوم کی طرح عوام اپنے فیصلے آزاد کرینگے۔

شال بقیہ 51

ہوئے کیا اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی سبی چیف آف ٹنگ سردار محمد خان ٹنگ، ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی، ڈی جی لائیو اسٹاک بلوچستان ڈاکٹر غلام رسول تاج، ڈی جی فارم ڈاکٹر کمال طیب ڈائریکٹر لائیو اسٹاک سبی ڈاکٹر جان محمد صافی، ڈاکٹر نعیم احمد کھوسہ سپرنٹنڈنٹ بابو محمد انور ٹنگ، بابو ممتاز احمد ٹنگ کے علاوہ دیگر ملازمین بھی موجود تھے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ سبی ڈاکٹر فاروق احمد لونی نے کہا کہ بلوچستان میں مالداری کی ترقی مویشی بانوں کی فلاح و بہبود کیلئے محکمہ لائیو اسٹاک تمام وسائل استعمال کررہا ہے۔

شال بقیہ 52

چند دن قبل ہونے والی بارش وژالہ باری نے مزید نقصان میں اضافہ کردیا ہے حالیہ ژالہ باری سے ایک خاتون ہلاک اور دو زخمی ہوئے ژالہ باری نے متاثرین کی لاکھوں کی سرسوں چنے اور گندم کی کھڑی فصل تباہ کرکے رکھ دی ہے لیکن حکومتی امداد صرف اعلان تک محدود ہے۔

شال بقیہ 53

کے پیسوں کی کٹوتی کا انکشاف ہوا ہے۔ اس سلسلے میں ذرائع نے بتایا کہ پسنی کے ایک فٹبال کلب میں قائم کنٹیکٹ نامی کمپنی کے رجسٹرار بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مستحقین کے پیسوں میں فی مستحق 500 سے لیکر 1000 روپے کی کٹوتی کا انکشاف ہوا ہے۔ بتایا گیا کہ متعدد خواتین کے پیسے کاٹ لیے گئے اس سلسلے میں ذرائع نے بتایا کہ پہلے پسنی میں ٹوٹل 5 پرانے ٹیب آن لائن تھے لیکن ابھی ان کو بند کرکے صرف 2 مخصوص ٹیب آن کیے گئے ہیں جن سے مستحق خواتین کی رقوم کی ادائیگی کی جارہی ہے جبکہ دوسرے پرانے ٹیب کو بلاوجہ بند کردیا گیا ہے جس کا بظاہر مقصد یہی ہے کہ صرف یہی دو ٹیب مستحقین سے ناجائز طریقے سے رقم بٹور سکیں۔

شال بقیہ 54

عمل شروع کیا جائے گا نصیر آباد کے کاشتکاروں کو چاہیے کہ وہ اپنی گندم سرکار کو چار ہزار روپے فی من فروخت کریں تاکہ مستقبل میں یہی گندم صوبے کی عوام کی خوراک کی ضروریات میں استعمال ہوگی ضلع بھر میں دفعہ 144 نافذ کرکے گندم کی نقل و حمل پر مکمل طور پر پابندی عائد کردی گئی ہے حکومت کی جانب سے کاشتکاروں کو بہتر منافع فراہم کرنے کے لئے اس مرتبہ گندم کے نرخ میں دوگنا اضافہ کردیا گیا ہے حکومت کے اس عمل سے نہ صرف کاشتکاروں کو منافع حاصل ہوگا بلکہ وہ معاشی طور پر بھی مزید مستحکم ہوسکیں گے انہوں نے کہا کہ کسی صورت ذخیرہ اندوزی برداشت نہیں کی جائے گی اور اس عمل میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی نصیر آباد گندم کی پیداوار کے لحاظ سے خود کفیل ضلع ہے اس لئے کاشتکاروں کو چاہیے کہ وہ اپنی گندم سرکار کو فروخت کریں۔

شال بقیہ 55

ہنگلاکی، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کو بھی عائشہ زہری سمیت دیگر حکام نے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ میرے بیٹے نزیر احمد کے علاج کے لیے میری مدد کی جائے۔

شال بقیہ 56

سینئر نائب صدر سید شرافت آغا، نائب صدر مجید خان اچکزئی، صوبائی سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری جمال خان مندوخیل اور ضلع ژوب کے رہنماؤں نے مرحوم داؤد خان کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے مرحوم کی مغفرت اور پسماندہ خاندانوں کو صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعا کی ہے۔

شال بقیہ 57

کے عوام کیلئے رمضان المبارک میں سستا بازار کا انعقاد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کیا گیا اس موقع پر کے انجمن تاجران کے صدر میر منیر شاہوانی ایڈیشنل SHO لیویز نائب رسالدار عبدالکریم مینگل بھی انکے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر جہانزیب بلوچ اور نائب تحصیلدار حاجی عبدالغفار لہڑی نے سستا بازار میں دستیاب اشیاء خورد و نوش آٹا گھی دال چاول مرغی کا گوشت بڑا گوشت سبزی اور دیگر اشیاء کا جائزہ لیا اور معیار چیک کیا اسسٹنٹ کمشنر جہانزیب بلوچ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محدود وسائل میں رہ کر انجمن تاجران کے تعاون سے رمضان المبارک میں قلات کے عوام کیلئے سستا بازار کا انعقاد کیا گیا ہے جو کہ رمضان المبارک کے آخر تک جاری رہیگا سستا بازار میں عوام کیلئے تمام اشیاء خورد و نوش کی دستیابی یقینی بنایا جائیگا پرائس کنٹرول کمیٹی روزانہ کی بنیاد پر سستا بازار کا دورہ کرے گی۔

شال بقیہ 58

کرنے کے ساتھ گوادر عوام کے ساتھ بھی بدترین دھوکہ کرکے کروڑوں روپے ہڑپنے کا منصوبہ بنایا ہے لیکن عوام اب ان کو چین سے بیٹھنے نہیں دے گا بلکہ ہر ظلم کا حساب لے گا۔

شال بقیہ 59

بھی مصدقہ ذریعہ ہیں سوشل میڈیا کے باعث اخباری صنعت متاثر ہوئی تاہم اخبار و رسائل کی خبریں آج بھی دستاویزی ثبوت کی حیثیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اخباری صنعت کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے بات کروں گا۔ سی پی این ای کے وفد میں ڈاکٹر جبار خٹک، غلام نبی چانڈیو، مقصود یوسفی، اعجاز الحق، انور ساجدی، سعید خاور، سید مدثر اور در عالم بھی شامل تھے۔

شال بقیہ 60

وسریاب میں جاری رہی جس میں مندرجہ ذیل شخصیات نے شرکت کی جن میں وفاقی وزیر مملکت پاور انرجی حاجی حاشم نوتیزئی، سابق صوبائی وزیر یونس ملازئی، سابق تحصیل ناظم خاران حاجی جمعہ خان کبدانی، حاجی بابو محمد انور نوتیزئی، فرحان ملازئی، حاجی عبدالرشید شاہوانی، نور الدین شاہوانی، پرنسپل عبدالرحمن مری، ایڈیشنل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان محمد صدیق رند، انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم کاکڑ، سینیٹر نائب صدر حاجی یٰسین مینگل، جنرل سیکرٹری حاجی عبدالمالک لہڑی، مرکزی کونسلر یاسر عرفات، محمد قاسم مینگل، شہ پارے نے گھر آکر فاتحہ خوانی کی۔

شال بقیہ 61

غیر حاضری ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، تمام بند سکولوں کو فی الفور کھولا جائے تمام ڈی ای اوز اور ایجوکیشن فیلڈ افیسرز سکولوں کے دورے کرتے رہیں اور رپورٹ پیش کریں انہوں نے کہا کہ ضلع بھر کے تمام سرکاری سکول بحال کر کے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے تعلیم ہی کے ذریعے خوشحال معاشرے کی تشکیل اور علاقے کی ترقی ممکن ہے انہوں نے کہا کہ میں خود بھی سکولوں کے دورے کرونگا غیر حاضر پائے جانے والے اساتذہ کیخلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

شال بقیہ 62

سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی کیلئے نوجوانوں کا مثبت کردار انتہائی لازم ہے کیوں کہ پاکستان بڑی قربانیوں اور جدوجہد کے بعد حاصل ہوا ہے۔ اس ملک کی حفاظت اور ترقی اب ہماری ذمہ داری ہیں اور ہمیں اپنے پیارے ملک کی تعمیر و ترقی کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہئے۔ آپ نوجوان ہی اس ملک و قوم کے مستقبل ہیں اور آپ نے ہی اس ملک کو آگے لے کر جانا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ الجزاء ایک بہترین تعلیمی ادارہ ہے۔ چیئرمین الجزاء ٹرسٹ عبدالکریم ثاقب اور ان کے ٹیم کی خدمات قابل تعریف ہیں۔ الجزاء بلوچستان میں اپنی طرز کا واحد ادارہ جو غریبوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کررہی ہے جس کا ثمر پورا صوبہ حاصل کررہا ہے۔

شال بقیہ 63

جاوید چاچا اورنگزیب ذیشان مشتاق رانا مشتاق فیاض جدون نوید اعوان میر حمید منگلوئی ترجمان ضلع کوئٹہ آصف خان حریفال نائب صدر راجہ عقیل راجہ وقاص ارشد جان ابڑو ایڈووکیٹ مشتاق کشمیری شاہد نذیر عظمت انجم نکری محی الدین ندیم جان سلیم ناتک عادل داؤد صراف عمر آغا صابر آغا اسد جان دہوار ایمل دہوار شابیر بگٹی اور پشین کے صدر سعد اللہ ترین و دیگر نے بیان میں کہا ہے کہ عمران خان الیکشن نہیں اپنی سلیکشن کرانا چاہتے ہیں، عمران خان اب سلیکٹ ہوکر اقتدار میں آسکتے ہیں نہ الیکٹ ہوکر آسکتے ہیں۔ عمران کے مسئلے نفسیاتی ہیں، ایک کروڑ نوکری کی بجائے ایک کروڑ کو بیروزگار کیا۔

شال بقیہ 64

میں ملیریا ادویات ناکافی ہیں جو ملیریا کے تشخیص و علاج معالجے کیلئے ادویات کی کمی کا سامنا ہے محکمہ صحت جعفر آباد اپنی ٹیموں کو متحرک کرکے مکمل چھان بین کروائے، انہوں نے مزید کہا کہ گلیوں اور گھروں کے اندر ملیریا سے حفاظتی اسپرے وادویات کی کمی کو یقینی بنانے کیلئے سخت اقدامات کیے جائیں تاکہ مزید لوگ ملیریا کی وبا سے بچ سکیں، انہوں نے کہا کہ ملیریا کی روک تھام کیلئے ہر سینٹر میں ملیریا کٹس اور ادویات وافر مقدار میں مہیا کئے جائیں تاکہ لوگوں کو باآسانی سہولیات مل سکے۔

شال بقیہ 65

طرف چند نام نہاد ریاستی این جی اوز کو اپنا پروگرام چلانے کیلئے ہر ممکن سہولت فراہم کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یونیورسٹی اس وقت شدید مالی بحران کا شکار ہے۔ اساتذہ کی تنخواہیں ہر چند مہینوں بعد بند کردی جاتی ہے اور سالوں سے دیگر سٹاف کو کنٹریکٹ پر رکھا جارہا ہے۔ اکثر لیبز میں سامان عدم دستیاب ہے۔ دوسرے اداروں کی نسبت یہاں کینٹینوں پر طلبا کیلئے سہولتیں نہ ہونے کے برابر ہے۔ حال ہی میں یونیورسٹی نے ڈھائی بجے چلنے والی بسوں کو بند کیا جس سے طلبا 5 بجے تک یونیورسٹی میں رہنے پر مجبور تھے۔ اس طرح ان کا قیمتی وقت بھی ضائع ہوتا رہا اور انہیں تکلیف بھی برداشت کرنی پڑی۔

شال بقیہ 66

اسکول بگاڑ کیپر جہاں سرکاری ریکارڈ میں اسکول موجود ہے جبکہ وہاں پر طالبات لوگوں کے دیئے گئے مکان میں اپنے علم کی تشنگی بجھارہی ہیں جو انتہائی خستہ حال ہوگئی ہے۔

شال بقیہ 67

آزادی اظہار رائے نفرت انگیز تقاریر اور لوگوں کو تشدد پر اکسانے کا نام نہیں، اس قبیح عمل سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ایسے واقعات اشتعال انگیز اور اسلاموفوبیا پر مبنی ہے، توہین کا عمل بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ اصولوں اور آزادی اظہار رائے کے جائز اظہار کے اصولوں کے منافی ہے۔ صدر نے کہا کہ اسلام انسانیت کو امن اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔

مکران نیوی کی بس حادثے کا شکار،ایک جوان شہید 9 زخمی

بس پاک نیوی کے اہلکاروں اوران کی فیملیز کو لے کر کراچی سے اورماڑہ جارہی تھی کہ کنڈ ملیر کے قریب حادثے کا شکار ہوگئی

زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوتھل منتقل کیا گیا' جہاں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی

اوتھل(این این آئی+نامہ نگار)مکران کوسٹل ہائی وے پر کنڈ ملیر کے قریب پاک نیوی کی بس کو حادثہ،ایک جوان شہید،9افراد زخمی جن میں بچے بھی شامل ہیں۔بس پاک نیوی کے اہلکاروں اور ان کی فیملیز کو لے کر کراچی سے اورماڑہ جارہی تھی، امدادی کارروائیوں میں پاک نیوی،پاک آرمی،پاکستان کوسٹ گارڈز کے جوانوں اور ریسکیو 1122نے بھی حصہ لیا۔ریسکیو 1122 کے ذرائع کے مطابق منگل کے روز مکران کوسٹل ہائی وے پر کنڈ ملیر کے قریب پاک نیوی کی بس کو حادثہ پیش آیا۔بس پاک نیوی کے اہلکاروں اوران کی فیملیز کو لے کر کراچی سے اورماڑہ جارہی تھی کہ کنڈ ملیر کے قریب حادثے کا شکار ہوگئی۔حادثے کے نتیجے میں ایک جوان موقع پر ہی شہید جب کہ 9افراد جن میں بچے بھی بقیہ نمبر36صفحہ3پر

کوئٹہ:صوبائی وزیر زراعت میر اسد بلوچ سے بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر یونس زہری کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

اوتھل' بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام آفیسرز خواتین سے بدتمیزی کرنے لگیں

ہتک آمیز رویہ،خواتین کا بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

اوتھل(نامہ نگار)اوتھل میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں عبدالصمد نامی تعینات آفیسر کی BISP کے پیسے وصول کرنے آنے والی غریب خواتین سے بدتمیزی،ہتک آمیز رویہ،خواتین کا بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ،تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں تعینات عبدالصمد نامی آفیسر کی BISP کے پیسے وصول کرنے آنے والی غریب خواتین سے بدتمیزی اور ہتک آمیز رویہ بقیہ نمبر48صفحہ3پر

چیئرمین پرائس کنٹرول کمیٹی زیارت کا بازار کا دورہ

دوکانوں پر سرکاری نرخنامہ چیک کیا،صفائی اور حفظان صحت کے اصولوں کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ(این این آئی)چیئرمین پرائس کنٹرول کمیٹی زیارت کا بازار کا دورہ،سرکاری نرخنامہ چیک کیا۔تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر زیارت عبداللہ بن عارف نے زیارت بازار کا دورہ کیا اس موقع پران کے ہمراہ سالدار عمران خان دمڑ بھی ہمراہ تھے۔اسسٹنٹ کمشنر و چیئرمین پرائس کنٹرول کمیٹی نے شہر کے ہوٹلوں اور دکانوں کا تفصیلی دورہ کیا۔دوکانوں پر سرکاری نرخنامہ چیک کیا،صفائی اور حفظان صحت کے اصولوں کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر تمام دکانداروں کو سختی سے پابند کیا۔

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے سابق رکن صوبائی اسمبلی میر طارق کھیتران ملاقات کررہے ہیں

عمران خان نے ملکی قوانین اور اعلیٰ عدلیہ کا مذاق بنایا ہوا ہے'میر پرویز احمد سیاپاد

خاران (نمائندہ خصوصی)جمعیت علماء اسلام کے رہنما فرزند خاران حاجی میر پرویز احمد سیاپاد نے کہا ہے کہ ملک میں اس وقت سیاسی عدم استحکام اور مالی بحران کا ذمہ دار صرف اور صرف پاکستان تحریک انصاف کی انتقامی بقیہ نمبر47صفحہ3پر

سپریم کورٹ بار کی حسان نیازی سمیت وکلاء کی گرفتاریوں کی مذمت

اسلام آباد(این این آئی)سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے ایڈووکیٹ حسان نیازی،انتظار حسین اور علی اعجاز کی غیر قانونی گرفتاری کی مذمت کی ہے۔سپریم کورٹ بار کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ وکلاء کی گرفتاریاں قانون کی حکمرانی اور انصاف کے اصولوں کی خلاف ورزی ہیں،بیرسٹر حسان نیازی کے خلاف ملک بھر میں درج متعدد ایف آئی آرز کی مذمت کرتے ہیں،بد قسمتی سے شہریوں کے بنیادی بقیہ نمبر49صفحہ3پر

پسنی،بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مستحقین کے پیسوں میں بڑے پیمانے پر کٹوتی کا انکشاف

گوادر(این این آئی)پسنی میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مستحقین کے پیسوں میں بڑے پیمانے پر کٹوتی کا انکشاف،کیمپ کے فرنچائز والے سب کچھ جان کر خاموش،خواتین کی انتظامیہ سے کارروائی کرنے کی اپیل تفصیلات کے مطابق پسنی میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی حالیہ 8500 کی قسط میں مستحقین بقیہ نمبر53صفحہ3پر

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی منظم تنظیم ہی کے ذریعے اپنے منزل مقصود تک پہنچ سکتی ہے

پارٹی نظم وضبط،ڈسپلن کی پابندی ہر رہنماء اور کارکن کا اولین فریضہ ہے

ہم سب کو تنظیمی ساخت کو مضبوط بنانا ہوگا،،پشتونخوا میپ

شیرانی+ژوب+موسیٰ خیل (آن لائن)پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع شیرانی کے سیکرٹری رشتیال شیرانی،سینئر معاون سیکرٹری جلات خان حریطال دیگر ضلعی ایگزیکٹوز،ضلع ژوب ضلع موسیٰ خیل ،ضلعی دکی اور ضلع قلعہ سیف اللہ کے رہنماؤں نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں پارٹی ضلع لورالائی کے کامیاب کانفرنس اور منتخب ضلع سیکرٹری صفدر خان سیکٹر وال ،سینئر معاون سیکرٹری سردار شاتب کاکڑ دیگر ضلعی ایگزیکٹوز،تحصیل،علاقائی وابتدائی یونٹوں بقیہ نمبر41صفحہ3پر

سوات،حلال فوڈ اتھارٹی کی کارروائی،1400لیٹر ملاوٹی دودھ تلف

کارروائی لنڈاکے کے مقام پر چیکنگ کے دوران کی گئی،اسسٹنٹ ڈائریکٹر مراد علی

سوات(این این آئی)سوات میں فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی نے لنڈاکے چیک پوسٹ پر کارروائی کرتے ہوئے کیمیکل اور پانی کی ملاوٹ پر 1400 لیٹر دودھ موقع پر تلف کردیا گیا اور ذمہ داروں کے خلاف جرمانے کے علاوہ باقی قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔اسسٹنٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر مراد علی نے میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ عوامی شکایات پر دودھ اور دیگر تمام خوراکی اشیاء کی ترسیل کی سخت نگرانی کی جارہی ہے جبکہ رمضان المبارک میں بقیہ نمبر42صفحہ3پر

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کو اذیت سے دوچار کردیا،مولانا قاری مہر اللہ

گیس حکام اتنا طاقتور بن چکی ہے کہ صوبے کی وزیراعلیٰ اور پارلیمنٹرز کی بات کی سننے تک تیار نہیں

کوئٹہ(این این آئی)جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی سینئر نائب امیر مولانا نیاز محمد حاجی داد محمد مولانا خدائے نظر مولانا محمد ابراہیم مولانا رحمت اللہ حقانی سالار حاجی ممتاز سعید اللہ بڑیچ نے کہا کہ رمضان المبارک میں گیس بندش اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کو اذیت سے دوچار کر دیا واپڈا اور گیس حکام کی غفلت تسلیوں پر کب تک صبر کرتے رہینگی احتجاجی مظاہروں پر مجبور کرتے ہیں حکومت نے ملک بقیہ نمبر43صفحہ3پر

بلوچستان ایک قبائلی صوبہ ہے جہاں ہر شخص کو عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے

آئی جی پولیس تھانوں میں لوکل افسران کو ایس ایچ او تعینات کریں،لالا یوسف خلجی

کوئٹہ(این این آئی)بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان ایک قبائلی صوبہ ہے جہاں ہر شخص کو عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے تھانوں میں شکایات لیکر جانے والے شہریوں کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آیا جائے آئی جی پولیس تھانوں میں لوکل افسران کو ایس ایچ او تعینات کریں کیونکہ وہ یہاں کے رسم ورواج سے اچھی طرح واقف ہوتے ہیں۔یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالا یوسف خلجی نے کہا کہ بلوچستان میں بقیہ نمبر46صفحہ3پر

ملک کے کروڑوں عوام مہنگائی کے چکی میں پس رہی ہے' سابق میئر رحیم کاکڑ

ملک سے لوٹا گیا عوام کا پیسہ،جو باہر ممالک کے بینکوں میں رکھا گیا ہے کو ضبط کیا جائے

کوئٹہ(این این آئی)تحریک انصاف کے ارکان سابق میئر رحیم کاکڑ،آغا عمر شاہ،میرواعس کاکڑ ایڈووکیٹ،ملک نصیب اللہ،ملک احسام الدین،ملک پائندہ خان،عمر فاروق ایڈووکیٹ،شاہ مسعود،نعیم جمال،بشیر احمد،سردار عبداللہ،سردار بہلول خان نے اپنے جاری کردہ بیان میں مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ملک سے لوٹا گیا عوام کا پیسہ جو باہر ممالک کے بینکوں میں رکھا گیا ہے کو ضبط کیا جائے اور ملک وطن عزیز پاکستان پر موجودہ قرضے میں شمار کیا جائے بقیہ نمبر50صفحہ3پر

گنداواہ مسائل کی آماجگاہ سرکاری اداروں کی کارکردگی صفر عوام ریلیف سے محروم

مہنگائی سے عوام کا جینا دوبھر تاجر دکاندار من مانے داموں غیر معیاری اشیاء فروخت کر رہے ہیں

جھل مگسی(این این آئی)گنداواہ ضلع جھل مگسی کا صدر مقام اور مرکزی تجارتی شہر ہونے کے باوجود مسائل کی آماجگاہ بنا ہوا ہے سرکاری اداروں کی کارکردگی صفر ہے سیلاب زدہ عوام کو کوئی ریلیف نہیں ملا اوپر سے مہنگائی نے جینا دوبھر کردیا ہے،رپورٹ کے مطابق عوام سیلاب کی تباہی کے اثرات سے نکلے نہیں تھے کہ رہی سہی کسر مہنگائی نے نکال دی ضلعی صدر مقام شہر میں کوئی یوٹیلیٹی اسٹور نہیں ہے تاجر دکاندار من مانے داموں عوام کو غیر معیاری اشیاء فروخت کر رہے ہیں۔

انسان ذات کی خدمت سے خدا راضی ہوتا ہے،محمد یوسف رند

بہت جلد گنداخہ میں مفت سکول اور دستر خوان کا اہتمام کیا جائے گا

سیاست کسی فرد واحد کی جاگیر نہیں غریبوں کی خدمت کیلئے الیکشن لڑنا پڑا تو میدان میں اتریں گے

گنداخہ(نامہ نگار)سماجی رہنما یوسف فاؤنڈیشن پاکستان کے چیئرمین محمد یوسف خان رند نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ تحصیل گنداخہ میں اپنی مدد آپ کے تحت بچوں کو تعلیم کی زیور سے آراستہ کرنے کیلئے مفت سکول اور غریبوں کو مفت کھانا فراہم کرنے کیلئے فری دسترخوان پروگرام کا آغاز کرنے جارہے ہیں اس پسماندہ علاقے میں غریبوں کو سہولیات فراہم کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے تحصیل گنداخہ میں ان کے اعزاز میں وزیر خان کھوکھر کی جانب سے دیئے گئے افطار پارٹی کے موقع پر میر محمد یوسف خان رند کا کہنا تھا کہ سیاست کسی فرد واحد کی جاگیر نہیں ہے غریبوں کی فلاح وبہبود کیلئے اگر مجھے الیکشن لڑنا پڑتا ہے تو ہم خیال دوستوں کی مشاورت سے بھرپور طریقے سے حصہ لیں گے اس موقع پر سماجی اور عادل حسین جمالی بکھر خان رند ودیگر بھی موجود تھے۔

کوئٹہ جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن 19ملزمان گرفتار

ملزمان سے،دستی بم،منشیات،اسلحہ اور قائداعظم ریزیڈنسی سے چوری شدہ سامان برآمد کرلیا

ملزمان کیخلاف مقدمہ فرد نمبر 44/23 بجرم 3.4.6 قماربازی ایکٹ درج کردیا گیا

کوئٹہ(این این آئی)صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے چار تھانوں کی مختلف کارروائیاں قائداعظم ریزیڈنسی چوری،دستی بم،چرس،اسلحہ برآمد،مفرور ملزمان،جوا خانے کیخلاف کریک ڈاؤن 19ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر صاحب حسب ہدایت ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ زوہیب محسن صاحب زیر نگرانی ایس پی صدر ڈویژن عدیل اکبر گجر زیر سرپرستی ڈی ایس پی صدر سرکل شوکت جدون ایس ایچ او ایس آئی کامران بھٹی،اے ایس آئی محمد رضا و دیگر اسٹاف کے کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ نمبر 33/23 بجرم 324,353,186,504,506,34 میں ملزم رحم دل بلوچ کو گرفتار کرکے ملزم کے قبضہ سے دو ضرب کلاکوف بمعہ 3 7ضرب زندہ کارتوس 2عدد ہینڈ گرنیڈ لانچنگ بقیہ نمبر37صفحہ3پر

گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے رکن صوبائی اسمبلی ملک نصیر شاہوانی کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

صحبت پور میں 70 سالوں سے آباد لوگ سرکاری ہسپتال سے محروم

ہر گھر میں دو سے تین افراد ہیپاٹائٹس بی اور سی کے مریض اور شوگر کے ہر گھر میں ایک سے دو مریض ہیں

مانجھی پور(این این آئی)ضلع صحبت پور میں 70 سالوں سے آباد لوگ اچھے سرکاری ہسپتال سے محروم ہیں شاید اچھا ہسپتال ہوتا تو کوئی غریب لاچار شخص اپنا صحیح طریقے سے علاج کروا سکتا لیکن سہولیات کا فقدان ہے تحصیل مانجھی پور میں سینکڑوں کی تعداد میں لوگ مختلف موذی امراض میں مبتلا ہیں ہر گھر میں دو سے تین افراد ہیپاٹائٹس بی اور سی کے مریض اور شوگر کے ہر گھر میں ایک سے دو مریض ہیں اس کے علاوہ کینسر کے مریض بھی پائے جاتے ہیں محکمہ صحت کو ان امراض کے روک بقیہ نمبر44صفحہ3پر

اسسٹنٹ کمشنر صدر ڈاکٹر عبدالسلام نے ناکے کے دوران دو ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا

چمن(خ ن)ڈپٹی کمشنر اسماعیل ابراہیم کے خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر صدر ڈاکٹر عبدالسلام نے ناکے کے دوران دو ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا اس موقع پر اس اسسٹنٹ کمشنر صدر ڈاکٹر عبدالسلام نے بقیہ نمبر45صفحہ3پر

آئی جی جیل خانہ جات خیبر پختونخوا کو تبدیل کرکے خدمات حکومت بلوچستان کے سپرد کردی گئیں

کوہاٹ(این این آئی)انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات خیبر پختونخوا سعادت حسن کو تبدیل کرکے ان کی خدمات حکومت بلوچستان کے سپرد کردی گئیں۔اسٹیبلشمنٹ ڈویژن حکومت پاکستان نے منگل کے روز نوٹیفکیشن جاری کردیا جس کے مطابق پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے گریڈ 19 کے افسر اور انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات خیبر پختونخوا کو فوری طور پر تبدیل کردیا گیا۔

مالداری کا شعبہ ملکی ترقی عوام کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرتا ہے' ڈاکٹر فاروق احمد لونی

مالداروں کو انعامات کی تقسیم سے ان کے حوصلے بلند ہوئے،ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک

سبی(این این آئی)ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ سبی ڈاکٹر فاروق احمد لونی نے کہا ہے کہ جشن سبی میلے میں سبی لونی کرک کی لڑی مرغزانی مظہری بھاگ سمیت گردونواح کے مالداروں نے شرکت کرکے چار چاند لگائے مالداری کا شعبہ ملکی ترقی عوام کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرتا ہے مالداروں کو انعامات کی تقسیم سے ان کے حوصلے بلند ہوئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے بقیہ نمبر51صفحہ3پر



کوئٹہ:باچا خان چوک پر دیہاڑی دار مزدور طبقہ کاموں کے انتظار میں بیٹھے ہوئے ہیں

بھاگ میں سیلاب سے متاثرہ سینکڑوں خاندان ابھی تک حکومتی امداد کے منتظر

بھاگ ناڑی(این این آئی)تحصیل بھاگ میں سیلاب سے متاثرہ سینکڑوں خاندان ابھی تک حکومتی امداد کے منتظر ہیں کئی خاندان ایسے ہیں جن کے مکانات مویشی اور فصلیں جمع پونجی سب کچھ سیلاب میں تباہ ہوگیا لیکن آٹھ ماہ کا عرصہ ہونے کو ہے لیکن ان کو ابھی تک مکانات کی تعمیر کیلئے امدادی رقم نہ مل سکی ہے جس سے متاثرین کی عید پھیکی پڑنے کے خدشہ بڑھتا جارہا ہے بقیہ نمبر52صفحہ3پر

گندم کی درآمد سے گوادر میں تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا

گوادر بندرگاہ نے گندم کی ترسیل وپروسسنگ میں پاکستان کے دیگر بندرگاہوں کو پیچھے چھوڑ دیا

تمام لوڈنگ،آف لوڈنگ اور ٹرانسپورٹیشن کو درستگی کے ساتھ ہینڈل اور انتظام کیا گیا ہے

گوادر(این این آئی)گوادر بندرگاہ نے گندم کی ترسیل وپروسسنگ میں پاکستان کے دیگر بندرگاہوں کو پیچھے چھوڑ دیا،گوادر بندرگاہ کے ذریعے گندم کی درآمد سے گوادر میں تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا،گوادر بندرگاہ کے پی ٹی اور قاسم پورٹس جیسی کسی بھی بندرگاہ سے زیادہ اقتصادی ہے۔گوادر پورٹ پر تیز ترین سٹیوڈورنگ سروسز کے ساتھ ساتھ کوئی ڈیمریج اور اسٹوریج چارجز نہیں گوادر بندرگاہ پر گندم لانے والے اب تک کل نو جہازوں میں سے اب تک چار جہاز جن میں ایم وی لیلا چینئی،ایم وی رچ،ایم وی ویرو ڈا اور ایم وی ڈورا ڈوشال ہیں،پہنچ چکے ہیں گوادر ای او پی(ای سی)کے احکام نے کہا کہ بہت سے مشکلات کے باوجود،گوادر بندرگاہ گزشتہ 25 دن میں روس سے دو لاکھ میٹرک ٹن گندم کی درآمد کو تیزی سے نمٹانے بقیہ نمبر38صفحہ3پر

وی سی لسبیلہ یونیورسٹی کی برطرفی کا نوٹیفکیشن معطل

بلوچستان یونیورسٹیز ایکٹ 2022 کے مطابق،چانسلر بغیر کسی انکوائری کے اپنی مدت ختم ہونے سے پہلے وی سی کو برطرف نہیں کرسکتا

اگر کسی بھی وی سی کے خلاف بدعنوانی پائی جاتی ہے تو حکومت الزامات کی تحقیقات کے لیے ایک انکوائری کمیٹی تشکیل دے سکتی ہے

کوئٹہ(این این آئی)گورنر بلوچستان ملک ولی کاکڑ نے 4یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کو برطرف کردیا تھا بلوچستان ہائی کورٹ نے لسبیلہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی برطرفی سے متعلق گورنر بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن معطل کردیا بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس محمد امیر نواز رانا پر مشتمل ڈویژن بنچ نے یہ حکم لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز کے وائس چانسلر ڈاکٹر دوست محمد بلوچ کی جانب سے دائر درخواست پر دوران سماعت کے دوران وی سی لسبیلہ یونیورسٹی کی نمائندگی محمد اکرم شاہ ایڈووکیٹ نے کی۔انہوں نے استدعا کی کہ بلوچستان یونیورسٹیز ایکٹ 2022 کے مطابق،چانسلر بغیر کسی انکوائری کے اپنی مدت ختم ہونے سے پہلے وی سی بقیہ نمبر39صفحہ3پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ شہر میں صفائی ستھرائی' تجاوزات اور دیگر امور سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کسی صورت ذخیرہ اندوزی برداشت نہیں کی جائے گی' عائشہ زہری

گندم کی خریداری کے لیے بہت جلد محکمہ خوراک کی جانب سے خریداری کا عمل شروع کیا جائے گا

نصیر آباد گندم کی پیداوار کے لحاظ سے خودکفیل ضلع ہے' ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد(خ ن)ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری کی زیر صدارت نصیر آباد میں گندم کی خریداری اور دیگر انتظامات کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایس ایس پی نصیر آباد میر حسین احمد لہڑی اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی اسد اللہ سمالانی اسسٹنٹ کمشنر چھتر خادم حسین کھوسہ شریک تھے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری نے کہا کہ نصیر آباد سے گندم کی خریداری کے لیے بہت جلد محکمہ خوراک کی جانب سے خریداری کا بقیہ نمبر54صفحہ3پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری گندم خریداری کے حوالے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

پاکستان بڑی قربانیوں اور جدوجہد کے بعد حاصل ہوا ہے' اسسٹنٹ کمشنر زیارت

پاکستان کی تعمیر وترقی کیلئے نوجوانوں کا مثبت کردار انتہائی لازم ہے' عبداللہ بن عارف

زیارت(این این آئی)گرلز سکول وکالج زیارت میں پاکستان ڈے کی مناسبت سے خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔تقریب کے مہمان خاص اسسٹنٹ کمشنر زیارت عبداللہ بن عارف تھے۔تقریب میں اساتذہ کرام اور طلباء نے بھی شرکت کی۔طلبا کی جانب سے ملی نغمے اور تقاریر پیش کئے گئے۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر زیارت عبداللہ بن عارف نے تقریب بقیہ نمبر62صفحہ3پر

عمران خان الیکشن نہیں اپنی سلیکشن کرانا چاہتے ہیں' ارباب اقبال کاسی

عمران کے مسئلے نفسیاتی ہیں،ایک کروڑ نوکری کی بجائے ایک کروڑ کو بیروزگار کیا

کوئٹہ(این این آئی)پاکستان مسلم لیگ ن ضلع کوئٹہ کے صدر ارباب اقبال کاسی،جنرل سیکرٹری جاوید اعوان،ایڈیشنل جنرل سیکرٹری ذاکر جان منگلوی ڈپٹی جنرل سیکرٹری طارق محمود بٹ،ایڈیشنل ڈپٹی جنرل سیکرٹری ضمیر اختر کھوکھر سینئر نائب صدور ملک عیسیٰ کاسی صابر راجپوت،ہمایوں الکوزئی،سلمان درانی ملک عالم کاسی صدیق منگل نثار احمد خان سید غلام آغا عامر بقیہ نمبر63صفحہ3پر

میرا بیٹا عمران علی کینسر کے مرض میں مبتلا ہو گئے ہیں' بیدار بیرون کے رہائشی نذیر احمد

چھتر(این این آئی)بیدار بیرون کے رہائشی نذیر احمد نے کہا ہے کہ میرا بیٹا عمران علی کینسر کے مرض میں مبتلا ہو گئے ہیں دو ماہ کا کورس لاڑکانہ سندھ سے لیا ہے جس میں ایک کورس کا خرچہ 80 ہزار خرچہ آرہا ہے اور ہر 15 دن کے بعد لاڑکانہ جانا پڑ رہا ہے میں غریب خاندان سے تعلق رکھتا ہوں اور جمع پونجی سب ختم ہو چکی ہے میری وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف،وزیر اعلیٰ بلوچستان،صوبائی وزرا مخیر حضرات،کمشنر نصیر آباد ڈویژن بشیر احمد بقیہ نمبر55صفحہ3پر

اساتذہ کی غیر حاضری ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی،نجیب اللہ

دکی(خ ن)ڈپٹی کمشنر صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر معصوم خان لونی،ایجوکیشن منیجر عبید خان ترین،ڈی ڈی او ای او تھل ظاہر شاہ ترین،ڈی ڈی او ای لونی عبدالجلیل لونی،اکاؤنٹ آفیسر عمیر جمالی،ڈسٹرکٹ پروگرام منیجر پی آر ایس پی زاہد دوتانی،ایجوکیشن اسسٹنٹ اور نجیب خان اور دیگر نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر صاحبزادہ نجیب اللہ نے کہا کہ اساتذہ کی بقیہ نمبر61صفحہ3پر

تحصیل گنداخہ و گردونواح کے مختلف گاؤں میں ملیریا آؤٹ آف کنٹرول ہو چکا ہے' قدرت اللہ جمالی

گنداخہ(نامہ نگار)پاکستان پیپلز پارٹی ضلع اوستہ محمد کے جنرل سیکرٹری و کوآرڈینیٹر سوشل ایکٹوسٹ گنداخہ ڈاکٹر قدرت اللہ جمالی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ تحصیل گنداخہ و گردونواح کے مختلف گاؤں میں ملیریا آؤٹ آف کنٹرول ہو چکا ہے کیونکہ دماغی ملیریا و دیگر قسم کے ملیریا کے روزانہ کیسز نمودار ہو رہے ہیں جن کی روک تھام کیلئے سخت اقدامات کی ضرورت ہے جبکہ محکمہ صحت جعفر آباد BRSP کے توسط سے سرکاری و پرائیویٹ کلینکس بقیہ نمبر64صفحہ3پر

حقیقی آزادی کا یہ سفر جاری رہے گا ہم جھوٹے مقدمات اور اغوانما گرفتاریوں سے نہیں ڈرتے ہیں

حکومت اور الیکشن کمیشن ہر صورت میں سپریم کورٹ کے احکامات کے پابند ہے،حاجی نواب خان دمڑ

کوئٹہ(این این آئی)پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سینئر نائب صدر حاجی نواب خان دمڑ نے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہا ہے کہ حقیقی آزادی کا یہ سفر جاری رہے گا ہم جھوٹے مقدمات اور اغوا نما گرفتاریوں سے نہیں ڈرتے ہیں آئین پاکستان ہمیں پرامن احتجاج کرنے کی اجازت دیتا ہے پاکستان تحریک انصاف کے تمام کارکنان پرامن احتجاج کرتے ہیں مگر رانا ثناء اللہ جیسے مجرم پیشہ افراد کی کہنے پر پولیس ہمارے کارکنوں پر تشدد آنسو گیس اور لاٹھی چارج کرکے ہمیں اشتعال دلانے کی کوشش کرتے ہیں سوشل میڈیا ایکٹویسٹ ماجد تاجد کی بغیر وارنٹ اغوا نما گرفتاری ظلم اور بربریت ہے

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رکن داؤد خان وفات پاگئے

ژوب(این این آئی)پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رکن داؤد خان وفات پاگئے۔وہ ملک عبدالسلام کاکڑ کے فرزند،خالد خان کے بھائی تھے۔مرحوم کو ان کے آبائی قبرستان کلی طور میں سپرد خاک کردیا گیا۔فاتحہ خوانی انکی رہائش گاہ پر جاری ہے۔دریں اثناء پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان بقیہ نمبر56صفحہ3پر

قلات میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے رمضان ستا بازار کا انعقاد کیا گیا

ستا بازار میں عوام کیلئے تمام اشیاء خوردونوش کی دستیابی یقینی بنایا جائیگا

قلات(این این آئی)قلات میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے رمضان ستا بازار کا انعقاد کیا گیا رمضان ستا بازار میں بازار کی نسبت اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں کمی کو شہریوں نے خوب سراہا شہریوں نے انتظامیہ سے اپیل کی کہ ستا بازار میں تمام ضروری اشیاء کی دستیابی یقینی بنائیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر جہانزیب بلوچ اور نائب تحصیلدار حاجی عبدالغفار لہڑی نے ستا بازار میں اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کی نگرانی کیا تفصیلات کے مطابق قلات بقیہ نمبر57صفحہ3پر

گوادر انتظامیہ کا عوام کے ساتھ کب تک مزاق چلے گا،،واجہ حسین واڈیلہ

گوادر میں ستا بازار کے نام پر عوامی دھوکے کا تسلسل برقرار ہے

کوئٹہ(این این آئی)حق دو تحریک بلوچستان کے مرکزی چیئرمین واجہ حسین واڈیلہ نے اپنے ایک بیان میں ضلع گوادر کے ڈپٹی کمشنر کی دھوکے اور دکھاوے پر مبنی پالیسیوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ گوادر میں انتظام سے زیادہ انتظام پر توجہ دے رہا ہے کہ کس طرح عوام اور عوامی رہنماؤں کو ذہنی اذیت دیا جائے واڈیلہ صاحب نے مزید کہا کہ ضلع گوادر کی تاریخ کے سب سے بدترین ضلعی انتظامیہ کے سربراہ کی کارکردگی صفر جبکہ دکھاوا اور کرپشن سو فیصد ہے۔ان کی گوادر میں تعیناتی کا مقصد اب عوام کے سامنے واضح ہوگیا ہے۔دوسری جانب دھوکے اور دکھاوے کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے ڈپٹی کمشنر گوادر نے ستا بازار کے نام پر اپنے آقاں کو خوش بقیہ نمبر58صفحہ3پر

گورنر سندھ سے کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز کے وفد کی ملاقات

اخباری صنعت کو درپیش مشکلات،اخبار ورسائل کے کردار سمیت دیگر امور پر بات چیت

کراچی(پ ر)گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز(سی پی این ای)کے وفد نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔وفد کی سربراہی سی پی این ای کے سیکریٹری جنرل عامر محمود کررہے تھے۔ملاقات میں اخباری صنعت کو درپیش مشکلات،اشتہارات کے واجبات کی عدم ادائیگی،اخبار ورسائل کے کردار سمیت اہمیت کے حامل دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔گورنر سندھ نے کہا کہ جمہوریت کے قیام اور تسلسل میں صحافت کے کردار کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔انہوں نے مزید کہا کہ اخبار ورسائل معلومات کی فراہمی کا اہم بقیہ نمبر59صفحہ3پر

سپریم کورٹ کا کوئی لاڈلہ نہیں قانون پر فیصلہ ہونا ہے' شیخ رشید

پاکستان کے سب ادارے سپریم کورٹ کے پابند ہیں' سپریم کورٹ نے فیصلہ دینا ہے،الیکشن ملک کی بقا ہے

10 بندے آٹے کے تھیلے کے لیے مرجاتے ہیں،کیس ختم کروانے کی سازش ان ہی کے گلے پڑگئی،سابق وزیر داخلہ کی گفتگو

اسلام آباد(این این آئی)عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کا کوئی لاڈلہ نہیں،قانون پر فیصلہ ہونا ہے۔سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ پاکستان کے سب ادارے سپریم کورٹ کے پابند ہیں۔انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے فیصلہ دینا ہے،الیکشن ملک کی بقا ہے،الیکشن 2ماہ پہلے یا بعد میں ہوجائیں تو کوئی مسئلہ نہیں۔شیخ رشید احمد نے کہا کہ معاشی طور پر آئی ایم ایف نے تھپکی کردی،سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات منہ نہیں لگا رہے۔سابق وزیر داخلہ نے کہا کہ 10 پریس کانفرنس وزیر کرتے ہیں،10بندے آٹے کے تھیلے کے لیے مرجاتے ہیں،کیس ختم کروانے کی سازش ان ہی کے گلے پڑگئی۔عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید بقیہ نمبر40صفحہ3پر

محمد دین مری مرحوم کے فاتحہ خوانی کلی بروسریاب میں جاری

کوئٹہ(این این آئی)بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر وضلعی صدر بی این پی کوئٹہ غلام نبی مری کے والد محمد دین مری مرحوم کے فاتحہ خوانی کلی برو بقیہ نمبر60صفحہ3پر

بلوچستان یونیورسٹی کو آج تباہی کے دہانے پر لاکھڑا کردیا ہے'پی ایس او ضلع کوئٹہ

یونیورسٹی اس وقت شدید مالی بحران کا شکار ہے۔اساتذہ کی تنخواہیں ہر چند مہینوں بعد بند کردی جاتی ہے

کوئٹہ(این این آئی)پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع کوئٹہ کے آرگنائزر وارث افغان،سینئر آرگنائزر رحمت کاکڑ اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبران نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی،انجینیرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز(بیوٹمز)اس پشتون بلوچ صوبے کی ایک مایہ ناز یونیورسٹی ہے لیکن بدبختانہ کئی سالوں سے اس یونیورسٹی کو ایک ایسے طریقے سے چلایا گیا کہ جس نے یونیورسٹی کو آج تباہی کے دہانے پر لاکھڑا کردیا ہے۔یونیورسٹی میں سیاست اور سیاسی تنظیموں پر پابندی لگاکر انتظامیہ کو مکمل چھوٹ دے دی گئی جبکہ دوسری بقیہ نمبر65صفحہ3پر

ضلع گوادر میں طلباو طالبات خستہ حال کلاس رومز میں علم کی تشنگی بجھانے پر مجبور

جہاں کلاس رومز کے پلستر اکھڑ گئے ہیں جو کسی بھی وقت حادثے کا سبب بن سکتے ہیں

اورماڑہ(این این آئی)ضلع گوادر میں طلبا وطالبات خستہ حال کلاس رومز میں علم کی تشنگی بجھانے پر مجبور،تحصیل پسنی کے کپر،کوڑ بیچ،چربندن سمیت ضلع بھر میں ایسے اسکولیں موجود ہیں جہاں کلاس رومز کے پلستر اکھڑ گئے ہیں جو کسی بھی وقت حادثے کا سبب بن سکتے ہیں جبکہ گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول بلگاڑ کپر کے طالبات کھیتوں کے دیئے گئے خستہ حال مکان میں علم کی پیاس بجھا رہی ہیں تفصیلات کے مطابق ضلع گوادر جو سی پیک کا مرکز کہلاتا ہے جہاں ترقی کے بلند وبانگ دعوے ہو رہے ہیں جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے،تعلیم جو ہر شہری کا بنیادی حق ہے یہاں کے لوگوں کو تعلیم حاصل کرنے کے لیے سہولیات کا فقدان ہے گورنمنٹ گرلز پرائمری بقیہ نمبر66صفحہ3پر

کوئٹہ:شہری رمضان ستا بازار سے مرغی کا گوشت خرید رہے ہیں

لورالائی:ڈپٹی کمشنر لورالائی سوبان سلیم دشتی ستا بازار میں مختلف اشیاء خوردونوش کے ریٹس چیک کررہے ہیں